Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | ہفتہ، 13 جون 2026، 27 ذوالحجہ 1447ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 61

حکومت نے عمران خان کو جیل سے ہسپتال منتقل کرنے کی خبروں کی تردید کردی

گذشتہ رات یہ خبر سامنے آئی تھی کہ عمران خان کو علاج کیلئے سخت سکیورٹی میں اڈیالہ جیل سے اسلام آباد منتقل کردیا گیا ہے

پمز اور الشفا آئی ہسپتال کی میڈیکل ٹیم سابق وزیر اعظم کا طبی معائنہ کرے گی

وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان موٹروے پولیس ہیڈ کوارٹرز کے دورے کے دوران اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

راولپنڈی (یواین پی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کو علاج کیلئے اڈیالہ جیل سے ہسپتال منتقل کرنے کی خبروں پر حکومتی ذرائع نے سختی سے تردید کردی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ رات یہ خبر سامنے آئی تھی کہ عمران خان کو علاج کیلئے سخت سکیورٹی میں اڈیالہ جیل سے اسلام آباد منتقل کردیا گیا ہے۔ جس میں کہا گیا تھا کہ پمز اور الشفا آئی ہسپتال کی میڈیکل ٹیم سابق وزیر اعظم کا طبی معائنہ کرے (بقیہ نمبر 1)

بچوں کا تحفظ و تعلیم ریاست کی آئینی ذمے داری ہے، صدر مملکت

آئین بچوں سے جبری مشقت اور استحصال کی ممانعت اور مفت اور لازمی تعلیم کی ضمانت دیتا ہے

وفاقی اور صوبائی سطح پر چائلڈ لیبر کے خاتمے کے اقدامات جاری ہیں

اسلام آباد (یواین پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بچوں سے مشقت کے خلاف عالمی دن پر خصوصی پیغام جاری کیا ہے۔ آصف علی زرداری نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بچوں کا تحفظ اور تعلیم ریاست کی آئینی ذمے داری ہے، ہر بچے کو محفوظ (بقیہ نمبر 2)

مریم اورنگزیب کا فیٹ میلٹنگ اور بون کرشنگ یونٹس کا اچانک دورہ

عوامی صحت، صاف ماحول اور شہریوں کے بنیادی حق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

لاہور (یواین پی) سینئر صوبائی وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے محمود بوٹی میں قائم غیر قانونی فیٹ میلٹنگ اور بون کرشنگ یونٹس کا اچانک دورہ کیا اور جاری ''آپریشن کلین اپ'' کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے اپنی نگرانی میں بااثر افراد کے زیر انتظام ایک غیر قانونی بون کرشنگ یونٹ مسمار کروایا اور متعلقہ حکام کو تمام غیر قانونی یونٹس کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ لاہور میں غیر قانونی (بقیہ نمبر 5)

شہباز شریف سے ایم کیو ایم کے وفد کی ملاقات، موجودہ صورتحال پر گفتگو

متحدہ قومی موومنٹ کا ملک کی ترقی میں مثبت کردار قابل قدر ہے، وزیر اعظم شہباز شریف کی گفتگو

اسلام آباد (یواین پی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ حکومت کی اہم اتحادی جماعت ہے، ملک کی ترقی، معاشی استحکام اور عوامی فلاح کے ایجنڈے کی تکمیل میں اس کا مثبت اور تعمیری کردار قابل قدر ہے۔ جمعہ کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت و کنوینر ایم کیو ایم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی زیر قیادت متحدہ قومی موومنٹ کے وفد سے (بقیہ نمبر 4)

وفاقی بجٹ 27-2026 پیش، حکومت کا عوام اور تنخواہ دار طبقے کیلئے ریلیف

پٹرول و ڈیزل پر 128 ارب روپے سبسڈی، انکم ٹیکس میں کمی، سپر ٹیکس اور خواتین کے سینیٹری پیڈز پر ٹیکس ختم کرنے کا اعلان

اسلام آباد (این ای این) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے وفاقی بجٹ 27-2026 پیش کردیا۔ قومی اسمبلی جاری اجلاس کی صدارت اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کر رہے ہیں۔ اس دوران وزیر اعظم شہباز شریف ایوان میں پہنچے تو حکومتی ارکان نے ڈیسک بجا کر ان کا استقبال کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کو بجٹ تقریر کا کہا، جس کے بعد وزیر خزانہ نے بجٹ تقریر شروع کرتے ہوئے کہا کہ میرے لیے اعزاز کی بات ہے کہ میں اپنی حکومت کا (بقیہ نمبر 3)

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا والدین کو بچوں کی تعلیم، صحت اور کھیل کود کے مواقع فراہم کرنے کی ضرورت پر زور

بچوں سے مشقت لینے کے رجحان کے خاتمے کے عزم کا اعادہ

وزیر اعظم شہباز شریف پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں وفاقی کابینہ کے اجلاس سے منظوری کے بعد سالانہ بجٹ 2026-27 کی دستاویزات پر دستخط کررہے ہیں

مہذب اور باوقار معاشرے میں بچوں کے حقوق کا احترام یقینی سمجھا جاتا ہے، آج پنجاب بچوں کیلئے محفوظ ترین ہے، بچے میری ریڈ لائن ہے: مریم نواز شریف

ہر بچہ ہمارا مستقبل ہے، ہاتھ میں اینٹ پتھر اور لوہا نہیں، کتاب اور لیب ٹاپ دیکھنا چاہتے ہیں، ہونہار سکالرشپ اور لیپ ٹاپ دیکر بچوں کو تعلیم کی طرف راغب کررہے ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ناقابل تردید عزم کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے چائلڈ لیبر کے رجحان کے خاتمے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے والدین کو بچوں کی تعلیم، صحت اور کھیل کود کے مواقع فرا (بقیہ نمبر 6)

بنیان مرصوص میں کامیابی ایک روشن باب ہے، وزیر خزانہ

آج پوری دنیا پاکستان کی دفاعی طاقت کو مانتی ہے، بہت سارے ممالک ہمارے لڑاکا طیارے اپنی افواج میں شامل کرنا چاہتے ہیں، تقریر

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدہ کا ذکر کرنا چاہتا ہوں، ہمارے پاس مقدس اور بھاری ذمہ داری ہے، سینیٹر اورنگزیب

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے بجٹ تقریر میں وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ اتحادی جماعتوں کا شکر گزار ہوں، حکومت کا تیسرا بجٹ پیش کرنا میرے لیے اعزاز ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ بنیان مرصوص میں کامیابی ایک روشن باب ہے، گزشتہ سال بھارت کو منہ توڑ جواب دیا گیا، آج پوری دنیا پاکستا (بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد میں ہیڈ کوارٹرز کے دورے پر موٹروے پولیس کی جانب سے وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان کو گارڈ آف آنر پیش کیا جارہا ہے۔

اے این ایف کی کارروائیاں، 22.88 کلوگرام منشیات برآمد

انسداد منشیات ایکٹ 1997ء کے تحت کارروائیوں کے دوران گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کرلیا

لاہور (یواین پی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے 6 کارروائیوں میں 22.88 کلوگرام منشیات برآمد کرتے ہوئے خاتون سمیت 7 ملزمان کو گرفتار (بقیہ نمبر 8)

وزیر اعظم محمد شہباز شریف پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں وفاقی کابینہ کے اجلاس سے منظوری کے بعد سالانہ بجٹ 2026-27 کی دستاویزات پر دستخط کررہے ہیں۔

لاہور ہائیکورٹ کا خاتون امیدوار کی سب انسپکٹر کے عہدے پر تعیناتی کا حکم

جسٹس راحیل کامران شیخ نے سیدہ عامرہ بتول کی درخواست پر 12 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا

لاہور (یواین پی) لاہور ہائی کورٹ نے آئی جی پنجاب عبدالکریم کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر تحریری حکم جاری کرتے ہوئے خاتون (بقیہ نمبر 9)

ایران کے سابق سپریم لیڈر شہید آیت اللہ خامنہ ای کی تدفین جولائی تک موخر

تہران (یواین پی) ایران کے سابق سپریم لیڈر شہید آیت اللہ خامنہ ای کی تدفین جولائی تک موخر کردی گئی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق تہران کے میئر علی رضا اکانی نے کہا کہ ایران کے سابق سپریم لیڈر شہید آیت اللہ خامنہ ای کی سرکاری تدفین کی تقریب جون کے آخر یا جولائی کے آغاز تک مؤخر کردی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس فیصلے کے بعد آخری رسومات محرم کے دوسرے عشرے (بقیہ نمبر 29)

تھائی لینڈ کی شہزادی بھا کا چار سال کومہ میں رہنے کے بعد انتقال

بنکاک (یواین پی) تھائی لینڈ کے شاہی محل نے اعلان کیا ہے کہ بادشاہ مہا وجیرالونگ کورن کی سب سے بڑی بیٹی شہزادی باجرا کیتیابھا نریندرا دیبیاوتی 47 برس کی عمر میں انتقال کر گئیں۔ شہزادی باجرا کیتیابھا نریندرا دیبیاوتی چار برس سے شدید علالت کے باعث کومہ میں تھیں اور (بقیہ نمبر 10)

پنجاب میں مسافروں کیلئے مفت پبلک ٹرانسپورٹ کی سہولت ختم

اس سہولت سے روزانہ تقریباً 8 لاکھ مسافر فائدہ اٹھا رہے تھے

لاہور (یواین پی) پنجاب حکومت کی جانب سے میٹرو بس، اورنج لائن ٹرین، سپیڈو بسوں اور الیکٹرک بس سروس پر فراہم کی جانے والی مفت سفری سہولت کل سے ختم ہورہی ہے۔ ذرائع کے مطابق اس حوالے سے متعلقہ اداروں کو ابتدائی سطح پر (بقیہ نمبر 23)

وزیر اعظم کی ہدایت پر ای سی سی نے خیبر پختونخوا کو گندم کی فراہمی کی منظوری دے دی

وزیر اعظم کی ہدایت کے مطابق خیبر پختونخوا کو گندم مقررشدہ سرکاری قیمت پر فراہم کی جائے گی

اسلام آباد (یواین پی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر ای سی سی نے خیبر پختونخوا کو گندم کی فراہمی کی منظوری دے دی۔ وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کی جانب سے جاری بیان کے مطابق 12 جون 2026 وزیر اعظم کے احکامات کی روشنی میں وزارت فوڈ سیکیورٹی نے خیبر پختونخوا کے عوام کو گندم کی فراہمی کے اقدامات مکمل کر لیے، خیبر پختونخوا کو گندم کی فراہمی وزیر اعظم کی عوام دوست پالیسیوں کا عملی مظہر ہے۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ وزیر اعظم کی ہدایت کے مطابق خیبر پختونخوا کو گندم سال کے آغاز میں مقررشدہ سرکاری قیمت پر فراہم کی جائے گی، وفاقی حکومت عوام کو سستی گندم (بقیہ نمبر 24)



وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور پروفیسر ڈاکٹر محمد اکمران سیرت چیئر کے زیر اہتمام منعقدہ ورکشاپ سے خطاب کررہے ہیں

صدر مملکت نے پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کارپوریشن (کنورژن) (ریپیل) بل

اسلام آباد (یواین پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کارپوریشن (کنورژن) (ریپیل) بل 2026 کی منظوری (بقیہ نمبر 22)

وفاقی آئینی عدالت میں ڈاکٹر عافیہ صدیقی کیس سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی آئینی عدالت نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کیس کو سماعت کیلئے مقرر کردیا ہے، وزیر اعظم اور کابینہ کیخلاف توہین عدالت کی کارروائی کیخلاف اپیل بھی سماعت کیلئے مقرر کردی گئی ہے۔ (بقیہ نمبر 25)

وفاقی بجٹ، وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور پارلیمنٹ ہاؤس کے اندر اور باہر سیکیورٹی کے

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی بجٹ پیش کرنے کے موقع پر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور پارلیمنٹ ہاؤس کے اندر اور باہر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے وفاقی بجٹ پیش کر دیا گیا اس موقع پر وزارت (بقیہ نمبر 26)

اسلام آباد، سرکاری ملازمین کا شاہراہ دستور پر احتجاج، پارلیمنٹ جانے کی کوشش

اسلام آباد (یواین پی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں سرکاری ملازمین نے شاہراہ دستور پر احتجاج کیا ہے، پارلیمنٹ جانے کی کوشش میں پولیس سے مزاحمت میں ایک شخص زخمی ہوگیا جبکہ اسلام آباد پولیس نے متعدد مظاہرین کو حراست میں لے لیا۔ (بقیہ نمبر 27)

وفاقی بجٹ، آئندہ مالی سال کیلئے بڑے اور ترجیحی منصوبوں کی تفصیلات سامنے آگئیں

آئندہ مالی سال میں این 25 کوئٹہ کے لیے سو ارب روپے

اسلام آباد (یواین پی) آئندہ مالی سال کے لیے بڑے اور ترجیحی منصوبوں کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ بجٹ دستاویز کے مطابق آئندہ مالی سال میں این 25 کوئٹہ کے لیے سو ارب روپے جبکہ سکھر حیدرآباد موٹروے کے لیے 30 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ دستاویز کے مطابق ایم ایل ون ریلوے منصوبے کے لیے 25 ارب روپے، سندھ کوسٹل ہائی وے کے لیے 25 ارب روپے اور مہران ہائی وے کے لیے 21 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ بجٹ دستاویز کے مطابق مہمند ڈیم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کے لیے 26 ارب روپے، داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کے لیے 21 ارب روپے (بقیہ نمبر 21)

حیدرآباد: شہر میں گرم موسم کے دوران سیدھی دھوپ سے بچنے کے لیے راستے میں ایک موٹر سائیکل سوار نے اپنے چہرے کو کپڑے سے ڈھانپ رکھا ہے۔

وزیر اعظم کی ہدایت پر اقتصادی رابطہ کمیٹی نے خیبر پختونخوا کو گندم کی فراہمی کی منظوری دیدی

وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق نے صوبے کے عوام کو گندم کی فراہمی کے لیے ضروری انتظامات مکمل کر لیے

اسلام آباد (یواین پی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے خیبر پختونخوا کو گندم کی فراہمی کی منظوری دے دی ہے۔ اس حوالے سے وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق نے صوبے کے عوام کو گندم کی فراہمی کے لیے (بقیہ نمبر 20)

آزاد کشمیر ہیلی کاپٹر حادثہ پر دلی دکھ اور افسوس ہوا، جے یو آئی (س)

پاک فوج کے جوانوں کی ملک کے لئے قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

لاہور (یواین پی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا (بقیہ نمبر 19)

ایم کیو ایم کے ایک وفد نے پاکستان کے وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔

بھلوال شہر میں خاتون کے اندھے قتل کی واردات ٹریس

9 مئی 2026 کو مقتولہ کی تیز دھار آلہ سے گلا کاٹ کر قتل کر دیا گیا تھا

سرگودھا (یواین پی) بھلوال شہر میں خاتون کے اندھے قتل کی واردات کو ٹریس کر کے پولیس نے مقتولہ کے شوہر کو بھائی سمیت گرفتار کر کے آلہ قتل برآمد کر لیا اور مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ بھلوال شہر میں خاتون کو تیز دھار (بقیہ نمبر 18)

پنجاب میں مفت ٹرانسپورٹ سروس ختم، (آج) سے کرایوں کا دوبارہ اطلاق ہوگا

پیٹرولیم مصنوعات کی وجہ سے شہریوں کو اورنج لائن

لاہور (یواین پی) پنجاب میں عوام کو دی جانے والی مفت پبلک ٹرانسپورٹ سروس ختم کر دی گئی ہے جس کے بعد آج ہفتہ سے صوبے بھر میں کرایوں کا دوبارہ اطلاق ہوگا۔ اورنج لائن ٹرین، لاہور میٹرو بس اور اسپیڈو بس سروس پر کرایہ وصولی آج ہفتہ (بقیہ نمبر 17)

بجٹ تقریر: اپوزیشن کا شدید احتجاج، حکومت مخالف نعرے بازی

اپوزیشن اراکین پلے کارڈ اٹھائے ایوان میں داخل ہوئے، وفاقی وزیر خزانہ کی تقریر کے دوران ایوان میں شور شرابہ

پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ ارکان نشستوں پر کھڑے ہوئے، اس دوران انہوں نے احتجاج کیا اور نعرے بازی کرتے رہے

اسلام آباد (این ای این) قومی اسمبلی میں اپوزیشن اراکین وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی جانب سے وفاقی بجٹ 27-2026 پیش کرنے کے موقع پر شدید احتجاج کرتے ہوئے حکومت مخالف نعرے لگاتے رہے، اپوزیشن اراکین پلے کارڈ اٹھائے ایوان میں داخل ہوئے، وفاقی وزیر خزانہ کی تقریر کے دوران ایوان میں شور شرابہ کیا جس کے باعث ایوان مچھلی منڈی کا منظر پیش کرنے (بقیہ نمبر 11)

گرو ارجن دیو جی کے شہیدی دن کی تقریبات میں شرکت کیلئے آئے

گردوارہ سچا سودا فاروق آباد اور بعد ازاں گردوارہ پنجہ صاحب حسن ابدال پہنچ گئے

لاہور (یواین پی) گرو ارجن دیو جی کے شہیدی دن کی تقریبات میں شرکت کیلئے آئے ہوئے بھارتی سکھ یاتری گردوارہ جنم استھان ننکانہ صاحب کا مذہبی دورہ مکمل کر کے گردوارہ سچا سودا فاروق آباد اور بعد ازاں گردوارہ پنجہ صاحب حسن ابدال پہنچ گئے۔ سکھ یاتری حسن ابدال میں ایک روز قیام کے دوران مذہبی رسومات ادا کریں گے۔ سکھ (بقیہ نمبر 12)

ڈپٹی کمشنر کی پولیو مہم کے اہداف 100 فیصد مکمل کرنے پر سی ای او ہیلتھ لاہور کی ستائش

کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز کی جانب سے ڈاکٹر آصف ارباب خان نیازی کو خصوصی تعریفی خط

لاہور (یواین پی) کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز ٹوانہ کی جانب سے ضلع لاہور میں مئی 2026ء کی پولیو مہم کے دوران تمام اہداف 100 فیصد مکمل کرنے پر سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر آصف ارباب خان نیازی کو خصوصی تعریفی خط اور شیلڈ پیش کی گئی۔ مئی کی پولیو مہم کے دوران لاہور میں پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچا (بقیہ نمبر 14)

کوئٹہ: ایم پی اے میر رحمت صالح بلوچ سول ہسپتال میں وائی ڈی اے (YDA) کے احتجاجی کیمپ میں پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں۔

خیبر پختونخوا میں سرکاری ٹریننگ اساتذہ کی تربیت کیلئے آن لائن رجسٹریشن لازمی قرار

پشاور (یواین پی) خیبر پختونخوا میں سرکاری ٹریننگ اساتذہ کی تربیت کے لیے آن لائن رجسٹریشن (بقیہ نمبر 13)

سیالکوٹ میں زیر کفالت بے سہارا اور مستحق بچوں کے داخلوں میں اضافہ کریں، عارف

سیالکوٹ (یواین پی) سیالکوٹ میں زیر کفالت بے سہارا اور مستحق بچوں کے داخلوں میں اضافہ کریں؛ عارف انور بلوچ، ایڈوائزر ریجنل محتسب آفس سیالکوٹ کیپٹن (ر) عطاء محمد خان کے دفتر میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں غیر سرکاری تنظیموں، اسسٹنٹ ڈائریکٹر محکمہ سوشل ویلفیئر ابوسفیان، سیالکوٹ فیڈریشن اور سول سوسائٹی (بقیہ نمبر 15)

کوئٹہ میں تیزاب گردی کیخلاف ینگ ڈاکٹرز کی ہڑتال چھٹے روز بھی جاری رہی

کوئٹہ (یواین پی) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کی سول سنڈیمن اسپتال کوئٹہ میں تیزاب گردی کے واقعے کے خلاف ہڑتال چھٹے روز بھی جاری رہی۔ کوئٹہ کے سول سنڈیمن ہسپتال سمیت دیگر سرکاری ہسپتالوں میں او پی ڈیز اور غیر ہنگامی طبی سروسز بند رہیں۔ او پی ڈیز اور وارڈز سمیت دیگر سروسز کی بندش (بقیہ نمبر 16)

Askari INSURANCE | Rawal Foundation

پاکستان عوامی قوت پارٹی

ہم وعدہ نہیں ہم عمل کرتے ہیں

راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال اسلام آباد، راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال غ
راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال راولاکوٹ، راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال کوٹلی
آپ کیلئے لا رہے ہیں

عوامی ہیلتھ کارڈ

آؤٹ ڈور علاج (OPD) کی سہولیات
- ڈاکٹر چیک اپ فیس پر خصوصی 50% ڈسکاؤنٹ۔
- لیب، ایکسرے اور الٹراساؤنڈ پر خصوصی 10% ڈسکاؤنٹ۔

ان ڈور علاج (IPD) کی سہولیات
- کسی بھی علاج سے متعلق تمام چارجز داخلے سے ڈسچارج تک جیسے وارڈ چارجز، میڈیکل آفیسر، نرسنگ کیئر شامل ہیں
- یورالوجی، گائنی، بچوں کا علاج، ناک کان گلا، آنکھوں کا علاج و آپریشن
- لیب ادویات کی سہولت میسر ہوگی۔
- ایم، آر، آئی، سی ٹی سکین اور ایمرجنسی کی سہولت میسر ہوگی۔
- اینڈوسکوپی اور آئی سی یو کی سہولت میسر ہے

اہل افراد	علاج کی مقررہ حد	سالانہ ادائیگی
شوہر، بیوی اور 3 بچے	Rs. 500,000	Rs. 25,000/-
شوہر، بیوی اور 3 بچے	Rs. 800,000	Rs. 40,000/-

راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہسپتال لہتراڑ روڈ نزد کھنہ پل اسلام آباد
051-2617381-3. Ext 834, 0332-5473835, 0320-9824188
ipdoffice841@gmail.com

سرگودھا میں غیر مسلم مسیح جوڑے نے اسلام قبول کرلیا

مسجد حامد علی شاہ میں اتحاد العلما کے ضلعی صدر قاضی نگاہ مصطفیٰ چشتی نے انہیں کلمہ طیبہ پڑھایا

سرگودھا (یواین پی) سرگودھا میں غیر مسلم مسیح جوڑے نے اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر اپنے مذہب عیسائیت کو خیر باد کہہ کر دین اسلام قبول کرلیا جن کو کلمہ طیبہ پڑھا کر نو مسلم جوڑے کے اسلامی نام تجویز کر دیئے گئے۔ جن کو اتحاد العلما ضلع (بقیہ نمبر 28)

ABC Certified | عوام کی بے ساختہ للکار | روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

دہشت گردی کا عفریت

منگل کے روز خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت کے علاقے سرائے نورنگ بازار میں ریلوے پھاٹک کے قریب ہونے والا دھماکہ محض ایک واقعہ نہیں بلکہ اس بات کا انتباہ ہے کہ دہشت گردی کا عفریت دوبارہ سر اٹھا رہا ہے۔ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران خیبر پختونخوا بالخصوص اس کے جنوبی علاقوں میں دہشت گردی اور سکیورٹی فورسز پر حملوں کے واقعات تشویش ناک ہیں۔ دہشت گردی کے ان واقعات سے یہ بھی واضح طور پر محسوس کیا جاسکتا ہے کہ اب بازاروں چوراہوں اور عوامی اجتماعات جیسے آسان اہداف کو ٹارگٹ کیا جا رہا تاکہ شہریوں کو خوفزدہ کیا جا سکے۔ یہ واقعات دو دہائی قبل کے حالات کی یاد دلاتے ہیں جب پاکستان دہشت گردی کے سنگین چیلنج سے نبرد آزما تھا اور بم دھماکے روز کا معمول بن چکے تھے۔ دس ہزار سے زائد سکیورٹی اہلکاروں اور ستر ہزار سے زائد شہریوں کی شہادت اربوں ڈالر کے نقصانات اور ایک دہائی کی جدوجہد کے بعد ریاستی ادارے اس مسئلے پر قابو پانے میں کامیاب ہوئے تھے۔ 2015-16 کے بعد سے ملک میں دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی آنا شروع ہوگئی تاہم اگست 2021 میں افغانستان میں طالبان کے برسر اقتدار آنے اور علاقائی شدت پسند تنظیموں کو وہاں محفوظ پناہ گاہیں میسر آنے کے بعد دہشت گردی کا دوبارہ آغاز ہو گیا۔ 2021 کی دوسری ششماہی سے شروع ہونے والا یہ سلسلہ 2025 میں اپنے عروج پر پہنچ گیا جب اس سال کو گزشتہ ڈیڑھ دہائی کا خونیں ترین سال قرار دیا گیا جس میں دہشت گردی کے واقعات میں سالانہ بنیادوں پر 73 فیصد کا ہولناک اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ پاکستان کی جانب سے بارہا اس مسئلے کو افغان عبوری انتظامیہ کے ساتھ اٹھایا گیا اور اس حوالے سے مصدقہ شواہد بھی فراہم کیے گئے کہ سرحد کے اس پار موجود تنظیمیں پاکستان میں دہشت گردی کر رہیں مگر کابل انتظامیہ کا کردار اس تمام صورتحال میں نہایت منفی رہا۔ 2020 کے دوحہ معاہدے میں افغان طالبان نے یہ یقین دہانی کرائی تھی کہ افغان سرزمین کسی بھی ملک کے خلاف دہشت گردی کیلئے استعمال نہیں ہوگی لیکن زمینی صورتحال اس کے برعکس نکلی۔ کالعدم ٹی ٹی پی داعش اور دیگر گروہوں کو سرحد پار جو سہولت کاری میسر ہے وہی پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سبب ہے۔ افغان عبوری حکومت کے لیت ولعل نے دہشت گردوں کو حوصلہ دیا کہ وہ پاکستان میں کارروائیاں کر کے بہ آسانی سرحد پار روپوش ہو جائیں۔ دوسری جانب سیاسی محاذ پر بھی اس حساس مسئلے کو غیر سنجیدگی کا سامنا رہا جس سے دہشت گردوں کو فائدہ اٹھانے کا موقع ملا تاہم رواں سال فروری میں پشاور میں ایک اعلی سطحی اجلاس میں وفاق صوبائی حکومت اور سکیورٹی اداروں نے دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے مشترکہ حکمتِ عملی پر اتفاق کیا۔ اسی ماہ آپریشن غضب للحق کا آغاز کیا گیا جس کے تحت سرحد پار دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا جس سے گزشتہ دو مہینوں کے دوران دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی آئی۔ اب عوامی مقامات پر دہشت گردی کے واقعات یہ ظاہر کررہے ہے کہ شکست خوردہ دہشت گرد بوکھلاہٹ کا شکار ہیں اور شہریوں کو نشانہ بنا کر اپنی موجودگی کا احساس دلانا چاہتے ہیں۔ پاکستان نے امن کے قیام کیلئے لاکھوں جانوں کا نذرانہ اور اربوں ڈالر کا معاشی نقصان برداشت کیا ہے۔ خیبر سے کراچی تک لہو سے سینچی اس دھرتی پر دہشت گردی کو کسی صورت قبول نہیں کیا جاسکتا۔ انسانی بستیوں کو مقتل بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ اگر کابل انتظامیہ اپنی روش نہیں بدلتی تو پاکستان کو آپریشن غضب للحق کے تسلسل سمیت اپنے حقِ دفاع کے تمام حربے اپنانے چاہئیں۔ دہشت گردی کا حقیقی خاتمہ اسی وقت ممکن ہے جب دہشت گردوں کے ساتھ ان کی نرسریوں اور ٹریننگ کیمپوں کا بھی قلع قمع کیا جائے۔

بجلی سستی ہوگی؟

مہنگی بجلی نے عوام اور معیشت دونوں کو شدید دباو میں مبتلا کر رکھا ہے۔ ایسے میں وفاقی وزیر توانائی کا یہ بیان کہ حکومت بجلی کو اتنا سستا کرنے جا رہی ہے کہ لوگ دن میں بیٹریاں چارج کر کے رات کو استعمال کریں گے خوش کن ہے۔ بجلی سستی ہونے کی وجہ یہ بتائی گئی کہ حکومت آئی پی پیز کے کاروبار سے نکل آئی ہے۔ مگر عملی صورتحال یہ ہے کہ عوام اب بھی بجلی کے بلوں میں بھاری کیپسٹی پیمنٹس ادا کرنے پر مجبور ہیں۔ منگل کے روز سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کے اجلاس میں نیپرا حکام نے انکشاف کیا کہ حکومت آئی پی پیز کو سالانہ 1800 سے 2000 ارب روپے تک کیپسٹی ادائیگیاں کرتی ہے جبکہ تقریبا 1200 ارب روپے کی سبسڈی بھی دی جاتی ہے۔ ملک میں فی یونٹ اوسط ٹیرف 36 روپے ہے جس میں سے 18 روپے صرف کیپسٹی پیمنٹس کی مد میں وصول کیے جاتے ہیں۔ یہ اعداد وشمار اس بحران کی سنگینی کو واضح کرتے ہیں۔ آئی پی پیز کے ساتھ کیے گئے کئی معاہدے قومی معیشت پر بھاری بوجھ بن چکے ہیں۔ اگرچہ حکومت نے بعض معاہدوں پر نظر ثانی کی ہے لیکن اصل ضرورت صرف نئے آئی پی پیز روکنے کی نہیں بلکہ مہنگے اور غیر متوازن معاہدوں کے مکمل خاتمے کی ہے۔ جب تک بجلی کے شعبے سے غیر ضروری مالی بوجھ ختم نہیں ہوگا عوام کو حقیقی ریلیف ملنا مشکل ہے۔ اگر حکومت کیپسٹی چارجز میں کمی کے ساتھ ساتھ سمارٹ میٹرنگ شفاف بلنگ اور قابلِ تجدید توانائی کو فروغ دے تو بجلی سستی ہوسکتی اور گردشی قرضوں میں بھی کمی لائی جاسکتی ہے۔

دوست، دشمن ......!

ہیں الگ ایک دوسرے سے ہم
ساتھ وہ ایک دوسرے کے ہیں
امن کے دوستوں میں دوری ہے
امن کے دشمنوں میں ایکے ہیں

انور شعور

واٹس ایپ خط وکتابت، زنانہ نسخہ

ذراہٹ کے
☆☆☆
یاسر پیرزادہ

SMS: #YPC (space) message & send to 8001
yasir.pirzada@janggroup.com.pk

وہ وقت بھی بہت جلد آجائے گا جب عاشق اور معشوق کوسرے سے ملاقات کی ضرورت ہی نہیں محسوس ہوگی، لیکن اس سے پہلے کہ حالات اس نہج تک پہنچیں، میں نے عشاق کی سہولت کیلئے نمونے کے کچھ برقی خطوط تیار کیے ہیں جو حسب ضرورت واٹس ایپ پر بھیجے جاسکتے ہیں۔

خط نمبر:1، بخدمت جناب شیخ سجاد ولد حاجی رزاق شیخ، برانڈرتھ روڈ، لاہور

شیخ صاحب! ہمیں ڈیٹنگ کرتے ہوئے تقریبا چار ہفتے ہوگئے ہیں لیکن سچ پوچھیں تو اس عرصے میں مجھے آپ سے خاصی مایوسی ہوئی ہے۔ اس ایک ماہ میں ہم دو چار مرتبہ ہی شاپنگ پر گئے ہونگے اور ہر مرتبہ جب بل دینے کا مرحلہ آیا تو اس وقت آپ کی جیب سے ہزار دو ہزار ہی نکلے۔ رکشے میں بٹھا کر آپ مجھے دہی بھلے کھلانے لے کر گئے، پہلے آپ نے رکشے والے سے بھاو طے کرنے میں آدھا گھنٹہ لگایا، اس کے بعد غریب دہی بھلے والے کو بھی زچ کرکے پیسے دیے۔ میں تو اس دن کو کوستی ہوں جب شکیلہ کے کہنے پر میں نے آپ کو اپنی تصویر واٹس ایپ کی تھی۔ اور پھر آپ شکی مزاج بھی ہیں۔ جس دن سے آپ نے مجھے اپنے دوست کبیر) جوکسی مشہور کروڑ پتی یا شاید ارب پتی کا بیٹا ہے، میں ابھی تحقیق کررہی ہوں(کیساتھ دیکھا ہے، آپ کی حرکتیں عجیب وغریب ہوگئی ہیں۔ میں آپ کو جوابدہ تو نہیں ہوں لیکن ریکارڈ کی درستی کیلئے بتا دوں کہ وہ محض ایک دوست ہے۔ ہاں، وہ پیسہ پانی کی طرح بہاتا ہے لیکن اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ میں اس کی دولت کی طرف مائل ہوں۔ مجھے کہیں سے اڑتی اڑتی خبر ملی ہے کہ حاجی صاحب برانڈرتھ روڈ والا پلازہ آپ کے نام کرنے کیلئے تیار نہیں ہیں۔ کیا یہ سچ ہے؟ کسی نے بتایا ہے کہ اس پلازے کی مالیت ستر کروڑ روپے سے اوپر ہے۔ دیکھو سجاد ! مجھے آپ کی جائیداد کے جھگڑوں سے کوئی لینا دینا نہیں لیکن اگر پلازہ واقعی اتنے کا ہے تو آپ کو چاہیے کہ اسے جلد از جلد اپنے نام کروالیں۔ میں نے سنا ہے حاجی صاحب ماشااللہ 75 برس کے ہو چکے ہیں اور ڈاکٹروں نے انہیں دوسرے بائی پاس کا مشورہ دیا ہے۔ اللہ انہیں سلامت رکھے، ویسے میں ایک ایسے سرجن کو جانتی ہوں جس کے آپریشنوں کی کامیابی کی شرح پچاس فیصد ہے۔ آپ چاہیں تو میرے حوالے سے ان سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

فقط، آپ کی سابقہ محبوبہ۔ نوٹ: اگر برانڈرتھ روڈ والا پلازہ آپ کے نام ہوجائے تو مجھے اطلاع ضرور دیجیے گا، میں اپنے سابقہ ہونے کے فیصلے پر نظرِ ثانی کرسکتی ہوں۔

خط نمبر :2 ایک ہونے والے شوہر کے نام

جانِ من ! ہماری شادی کے دن قریب آ رہے ہیں اور میں اس قدر جذباتی ہورہی ہوں کہ بیان سے باہر ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ میرا پورا خاندان شادی کا ایسے انتظار کررہا ہے جیسے لوگ عید کے چاند کا کرتے ہیں۔ ہنی مون کا پلان بھی فائنل ہو چکا ہے۔ چھوٹو) میرا چھوٹا بھائی (ملائیشیا دیکھنا چاہتا ہے جبکہ منی) چھوٹی بہن (کے خوابوں میں سوئٹزرلینڈ بستا ہے۔ آپ تو جانتے ہی ہیں کہ اسے دل والے دلہنیا لے جائیں گے نے کتنا جذباتی کرر کھا ہے۔ امی اور ابو کی صرف یہ خواہش ہے کہ) ہماری (شادی کے فورا بعد عمرہ کرلیں۔ میں نے انہیں تسلی دی ہے کہ جب ہم ہنی مون پر جائیں گے تو راستے میں انہیں جدہ ڈراپ کردیں گے اور واپسی پر انہیں پک کرلینگے، ویسے عمرے کے بعد وہ ہمیں زیورخ میں جوائن بھی کرسکتے ہیں۔ آپ کا کیا خیال ہے؟ خرچہ بھی بچ جائے گا اور سفرِ ثواب و سفرِ دنیا دونوں ساتھ ساتھ ہوجائیں گے۔ اوہ! میں بتانا بھول گئی کہ میں نے اپنی نوکری سے استعفی دیدیا ہے۔ مجھے پتا ہے کہ آپ کو میرا جاب کرنا پسند نہیں۔ ویسے بھی جب سے ہماری منگنی ہوئی ہے، میرا باس مجھ سے کچھ ناخوش رہنے لگا تھا۔ پتہ نہیں یہ مرد اتنے حاسد کیوں ہوتے ہیں؟ خیر، اب مجھے اسکی پروا نہیں۔ میں نے فیصلہ کیا ہے کہ میں ایک آئیڈیل ہاوس وائف بن کررہونگی اور پورے گھر کی ذمہ داری تنہا سنبھالونگی۔ کھانے میں مجھے پپی میل بہت پسند ہے ! گھر کے چھوٹے موٹے کاموں کیلئے کوئی ماسی رکھ لیں گے جو صفائی ستھرائی کرلیا کریگی، دو چار برتن دھو دیا کریگی اور بہت ہوا تو واشنگ مشین میں کپڑے ڈال دیگی بس۔ باقی کاموں کیلئے میں خود کافی ہوں۔ ہاں، ایک حساس معاملہ آپ کے گوش گزار کرنا ہے۔ آپ کا چھوٹا بھائی، جو کسی مدرسے کا فارغ التحصیل ہے، مجھے کچھ عجیب سا لگتا ہے۔ اسے صاف کہہ دیجیے گا کہ وہ ہمارے گھر سے دور ہی رہے۔ اسی طرح آپ کی بڑی بہن، جنکی طلاق ہو چکی ہے، وہ مجھے بالکل ساس بہو والے ڈراموں کا کوئی کردار لگتی ہیں۔ اگر وہ ہمارے گھر آئینگی تو لڑائیاں ہی ہونگی۔ اوہ خدایا ! خط کتنا طویل ہوگیا، یہ میری آپ سے محبت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اگلی بار جب گھر آئیں تو میرے لیے وہ ڈائمنڈ رنگ لانا مت بھولیے گا، تصویر واٹس ایپ کردی ہے۔

فقط، آپ کی ہونے والی شریکِ حیات۔

خط نمبر :3 ہیلو مسٹر تیمور۔ تمہاری بہن سارہ سے میری دوستی اب محض ایک نند بھابی والا روایتی تعلق نہیں رہی۔ وہ اتنی پیاری ہے کہ کیا بتاوں، اسکی شخصیت میں ایک ایسا سحر، ایسی نسوانیت اور ایسا حسن ہے کہ جسکے سامنے تمہاری مردانہ وجاہت ماند پڑ جاتی ہے۔ اکثر جب تم میرے لیے پھول لاتے ہو تو میرا جی چاہتا ہے کہ کاش یہ انتخاب سارہ کا ہوتا۔ اس کا ذوق، اس کا لباس اور اس کا وہ مخصوص انداز گفتگو جس میں ایک ان کہی اپنائیت چھپی ہوتی ہے مجھے عجیب سی بے چینی میں مبتلا کردیتی ہے۔ تم اسے میری سہیلیوں والی محبت سمجھ کر نظر انداز کرسکتے ہو لیکن میرے اندر ایک ایسا احساس پنپ رہا ہے جو رشتوں کی ان دیواروں کو گرانا چاہتا ہے جو معاشرے نے کھڑی کررکھی ہیں۔ تمہیں تو پتا ہے کہ میں کس قدر پروگریسو ہوں۔ ایک دن تم مجھ سے پوچھ رہے تھے ناں کہ میرے انسٹاگرام پر ایل جی بی ٹی کی اتنی ریلز کیوں آتی ہیں، تو اسکی وجہ بھی میری ترقی پسندانہ سوچ ہے۔ یہ لفظ مجھے بہت پسند ہے، بندہ کچھ کچھ پڑھا لکھا لگتا ہے۔ باقی باتیں بعد میں، سارہ کی کال آرہی ہے۔

فقط، تمہاری (ایک عجیب سی الجھن میں گرفتار) محبوبہ

☆☆☆

عورت ہی نشانہ کیوں!

مظہر عباس

عورت کو نشانہ بنانا ہمارا محبوب مشغلہ بنتا جارہا ہے۔ سیاست سے لیکر صحافت تک اس کو آسان ہدف بنالیا گیا ہے۔ جیم سے لے کر جسم تک وہ کبھی غیرت کے نام پر ماردی جاتی ہے تو کبھی سیاست میں مقبولیت حاصل کرے تو قبول نہیں کی جاتی اور اگر اس سب کا وہ بہادری سے مقابلہ کرلے تو کبھی شہید کردی جاتی ہے تو کبھی نوجوانی میں ہی قید وبند کی صعوبتیں برداشت کرتی ہے۔ ان ناانصافیوں کے خلاف اگر وہ کسی جدوجہد کا آغاز کرتی ہے تو اس کے ساتھ وہ سلوک ہوتا ہے جو شاید دور آمریت میں بھی نہ ہوا ہو۔ مگر اس سب کے باوجود کہیں نہ کہیں بیداری کی ایک لہر ضرور نظر آ رہی ہے جسکی قیادت نوجوان لڑکیاں کررہی ہیں چاہیوہ سندھ ہو، بلوچستان ہو، پنجاب ہو یا کے پی۔ البتہ آج بھی ایسے علاقے موجود ہیں جہاں نہ اسے ووٹ ڈالنے کا حق ہے نہ ہی الیکشن لڑنے کا۔ کوئی بھی الیکشن کیسے قابل قبول ہوسکتا ہے، جس میں ملک کی نصف سے زیادہ آبادی کو یہ آزادانہ حق حاصل ہی نہ ہو۔

گزشتہ ہفتہ جو کچھ کراچی پریس کلب کے باہر ہوا اور یقین جانیں اب تو یہ ایک معمول بنتا جارہا ہے کہ وہ کلب جو کبھی معاشرے کے محروم طبقات کی نمایاں آواز ہوتا تھا وہ اس وقت بدترین دباو کا شکار نظر آتا ہے اگر خواتین کی کوئی تنظیم پریس کانفرنس کرنا چاہتی ہو تو اگر کلب اجازت دیتا ہے تو گیٹ کے باہر ہی انہیں گرفتار کرلیا جاتا ہے۔ ایسا ہی کچھ چند دن پہلے 75 سالہ شیما کرمانی اور عورت مارچ کی کچھ دیگر خواتین کے ساتھ ہوا۔ ایسے منظر اب عام ہوتے جارہے ہیں۔ بلوچ خواتین اس کا خاص نشانہ نظر آتی ہیں حالانکہ بلوچ سماج میں یہ بیداری کی خاص لہر لے کر آئی جس سے وہاں کے سردار بھی پریشان ہیں۔ ایسی ہی لہر سندھ کے دیہی علاقوں میں نئی نسل میں نظر آرہی ہے۔ اب اس کو کاروکاری کے نام پر ماردیا جائے یاغیرت کے نام پر بے غیرتی سے نشانہ بنایا جائے وہ آواز تو بلند کررہی ہے۔ حیرت ہوتی ہے تو اس سیاسی سوچ پر جو ہوس زر میں یہ تک بھول گئی کہ کل جب وہ اپوزیشن میں تھی تو خواتین کے حقوق کی بات کرتی تھی، عورت مارچ، مین ایکشن فورم، جیسی تنظیموں کے مظاہروں میں شریک ہوتی تھی اور آج انہیں کی نہ صرف شہری آزادیاں ختم کی جا رہی ہیں، آزادی صحافت محدود کی جارہی ہے بلکہ کراچی پریس کلب کے گرد گھیرا تنگ کیا جارہا ہے اس طرح کے اشارے ہمیں دیگر بڑے پریس کلبوں سے بھی مل رہے ہیں مگر کراچی پریس کلب جہاں کبھی پریس کانفرنس کیا ان لوگوں کو تاحیات ممبرشپ دی جاتی تھی جن پر ریاست پابندی لگاتی تھی، جیسا کہ جوش، فیض اور جالب، وہاں اب گرفتاری کلب کے گیٹ کے باہر ہی ہو جاتی ہے۔ پی پی پی کے چیئرمین بلاول بھٹو، آصفہ بھٹو اور وزیراعلی سید مراد علی شاہ صاحب کو صرف یہ یاد کروانا چاہتا ہوں کہ ان کی قائد محترم بے نظیر بھٹو شہید مارشل لا کے جبر کے زمانے میں یہیں آتیں کبھی عدالتوں میں حاضری کے بعد تو کبھی آنسو گیس کھانے کے بعد... کچھ تو خیال کریں حضور۔ کل پھر آپ اپوزیشن میں ہونگے۔

بات ہورہی تھی کہ آخر عورت ہی نشانہ کیوں بنتی ہے۔ محترمہ فاطمہ جناح ہوں یا بے نظیر بھٹو دونوں نے ہی وقت کی آمریت کو دلیری سے چیلنج کیا تو بعض درباری علما کرام نے اپنے تئیں فتوی جاری کیا کہ کسی اسلامی ملک میں عورت حکمران نہیں ہوسکتی تاہم بہت سے علما اور مذہبی، سیاسی رہنماوں نے اس کو مسترد کردیا۔ فاطمہ جناح کو الیکشن ہروادیا گیا اور وہ دل برداشتہ ہوکر سیاست ہی چھوڑ گئیں۔ ایسی ہی مہم کا سامنا محترمہ بے نظیر بھٹو کو بھی کرنا پڑا مگر وہ دلیری سے کھڑی رہیں اور الیکشن جیت کر دکھایا پھر اقتدار کی منتقلی میں رکاوٹ ڈالی گئی، اقتدار چلنے نہ دیا گیا مگر وہ 17 نشستوں کے ساتھ بھی دو تہائی اکثریت پر بھاری تھیں اور جب 2007 میں وہ جیتنے کے قریب تھیں تو شہید کردی گئیں۔

عاصمہ جہانگیر اس معاشرے کے ہر محروم طبقے کی آواز تھی اور ہر حکمراں طبقے کو یہ جرات کے ساتھ باور کراتی کہ تم غلطی پر ہو سیاست سے تمہارا کوئی تعلق نہیں۔ جن لوگوں نے کبھی اسے مارنے کی تو کبھی ڈرانے کی کوشش کی، وہ ان کے حقوق کیلئے بھی آواز بلند کرتی۔ آپ بھی حیران ہونگے کہ مشہور زمانہ 12 مئی 2007 سے ایک دن پہلے انہوں نے متحدہ کے بانی الطاف حسین کو سمجھانے کی کوشش کی کہ ان کو جو کرنے پر مجبور کیا جارہا ہے وہ ایک سازش ہے اور وہ اس کا حصہ نہ بنیں مگر وہ اور انکے کچھ ساتھی سمجھے کہ وہ چیف جسٹس افتخار چوہدری کی حمایت کی وجہ سے یہ کہہ رہی ہیں جبکہ عاصمہ نے اپنے کام اور کردار سے ثابت کیا کہ وہ ان کو یعنی ایم کیو ایم کو تصادم سے بچانا چاہ رہی تھیں۔

خواتین صحافیوں کی جدوجہد کی بھی عجب کہانی ہے۔ ایک وقت تھا جب خواتین صحافیوں کو میگزین یا ڈیسک پر نوکری دی جاتی تھی اور پھر ایک ایسا وقت بھی آیا کہ دی نیوز اخبار کے کراچی، لاہور اور اسلام آباد کی مدیر خواتین ہوئیں۔ وہ رپورٹنگ میں آئیں اور کراچی سے خیبر تک وہ خطرناک ترین علاقوں سے بھی خبریں دیتی رہیں۔ صحافیوں کی جدوجہد میں بھی ان کا کردار مثالی ہے شاید آج بھی محترمہ فریدہ حفیظ کے جسم میں ایک گولی موجود ہے۔ فوزیہ شاید پی ایف یو جے کی پہلی خاتون سیکرٹری جنرل بنیں مگر مختلف عہدوں پر رہنے کے بعد۔ مردوں کی طرح خواتین صحافیوں کیلئے بھی اچھے ٹریڈ یونینسٹ ہونیکیلئے اچھا صحافی ہونا ضروری ہے۔ اس سلسلے میں خواتین صحافیوں کا اسلام آباد میں ہونے والا کنونشن اہمیت کا حامل ہے ایسے کنونشن ملک کے دیگر شہروں میں بھی ضروری ہیں۔ خواتین صحافیوں میں سے بعض کی صحافت پر تنقید ہوسکتی ہیلیاس یا کردار پر نہیں۔ مگر یہاں بھی نشانہ اس کے جسم اور لباس کو بنایا جاتا ہے۔

غرضی کہ کل بھی عورت خاص نشانہ تھی اور آج بھی ہے۔ کل عاصمہ جہانگیر تو آج ایمان مزاری یا وہ جو اپنے باپ، بھائی یا شوہر کے گمشدہ یا لاپتہ ہونے پر احتجاج کرتی ہیں۔ کبھی 80 کی دہائی میں نواب پور کے علاقے میں سات معصوم خواتین کو وقت کے وڈیروں نے بے لباس کر کے مارچ کروایا تھا سر بازار۔ آج بھی ایسے واقعات مختلف انداز میں ہوتے ہیں مگر آج جب عورتیں ان وڈیروں اور سرداروں کے خلاف آواز بلند کرتی ہیں تو جیل میں نظر بند کر دی جاتی ہیں۔ کل آمریت میں ویمن ایکشن فورم پر لاٹھی چارج ہوتا تھا آج عورت مارچ کی بات کرنے پر شیما کرمانی کو پولیس وین میں ڈال دیا جاتا ہے۔

اس ہر دلعزیزی سے حاصل کیا ہونا ہے

☆☆☆
ایاز امیر

ہماری خاصیت رہی ہے معمولی باتوں پر اترا جانا۔ ہمارا پروفائل اونچا ہوگیا شکر ہے۔ لیکن پٹرول کی ٹینکی میں تو پروفائل جاتا نہیں۔ تیل کی قیمتوں نے جینا دوبھر کردیا ہے،ہم پٹرول کو رو رہے ہیں کسان بے چارہ ٹریکٹر اور ڈیزل کا کون سا نوحہ پڑھے؟ فی الحال تو امریکہ دوستی اور جواہر سہولت کاری پہ ناز کیا جارہا ہے لیکن اس سے آگے بھی سوچنا ہے یانہیں؟ برادر عرب ممالک جو نہ ختم ہونے والے خزانوں پر بیٹھے تھے ان کے حالات بدل گئے ہیں۔ یو اے ای کے تیور دیکھے جائیں۔ یہ ملک چلے تھے دنیا کو بدلنے چند ہفتوں کی جھڑپوں کی تاب نہ لا سکے۔ بولنے کا انداز بدل گیا۔ جنگ سے پیدا شدہ حالات نے رویوں میں کچھ عاجزی بھی پیدا کردی ہے۔ جب وہ نہ بدلنے والے بدل گئے تو ہمارے حالات پر کچھ اثر نہ پڑے گا؟ ان کے قارون کے خزانے تو پھر بھی قائم ہیں یہاں ہمیشہ کی استدعا اور طلب ہی ہے۔ سفارتی اثر ورسوخ پر ناز کتنا کیا جاسکتا ہے؟ تیل کی کمی تو اس سے پوری نہیں ہورہی۔ اتنا ذہن میں رہے کہ سہولت کار ضرور ہیں حالات پر اثر انداز نہیں ہو سکتے۔ ایران نے امریکی مطالبات کے سامنے لچک دکھائی ہوتی یعنی سرنڈر کرنا ہوتا تو کب کا کردیا ہوتا۔ جہاں تک امریکہ کا تعلق ہے وہ عقل اور شعور سے بے نیاز ہماری کہاں سنی جاتی ہے۔ نہ ہی زور دے کر کہہ سکتے ہیں کہ ہٹ دھرمی اور بیوقوفی میں کچھ کمی لائی جائے۔

حالات یہاں کے جوں کے توں نہیں ہر گزرتے دن خراب ہورہے ہیں۔ تیل کی قیمتوں کا بوجھ معیشت اٹھانہ سکے گی۔ امریکہ ایران کے معاملات سنبھل تو نہیں رہے اور مزید ایسے رہتے ہیں تو تیل کی قیمتیں مزید اوپر نہ بھی گئیں تو بدستور یہی رہیں گی۔ بوجھ کس پر پڑنا ہے؟ لے دے کر اس ملک کے باسیوں پر۔ حکومتی عیاشیوں میں تو کمی نہ آئے گی نہ امیر طبقات کی فضول خرچیوں میں۔ محدود وسائل والے مزید مارے جائیں گے۔ سوال اتنا ضرور بنتا ہے کہ حدِ برداشت کیا ہے؟ گدھا بھی ایک حد تک ہانکا جا سکتا ہے۔ بیچارے عوام کتنا بوجھ برداشت کرسکتے ہیں۔

سہولت کاری کی داد وصول کرنا اپنی جگہ لیکن مملکت کے بنیادی مسائل جہاں تھے وہیں موجود ہیں۔ معیشت تو ایک طرف رہی صوبہ خیبر پختونخوا اور صوبہ بلوچستان کی سکیورٹی صورتحال میں کوئی بہتری آئی ہے؟ ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کے حملے تھم نہیں سکے۔ اگرچہ خبریں اتنی نہیں جس سے تاثر مل سکتا ہے کہ حالات بہتر ہیں لیکن جیسا کہ ہم جانتے ہیں ایسا ہے نہیں۔ بنوں اور لکی مروت کے حملے کوئی چھوٹے حملے نہیں تھے۔ کتنی ہی اموات ہوئیں لیکن ملاحظہ ہو کہ ہماری طرف سے افغانستان پر کوئی ہوائی حملہ نہیں ہوا۔ حملوں سے بات بنتی بھی تو اب تک ایران قائل شکست نہ ہو جاتا؟ امریکہ نے ایران کے خلاف سارے تیر چلا دیے اور اہداف حاصل نہیں ہوئے۔ ہمارے پاس تین آپشن تھے۔ یہاں مقیم افغانوں کی جبری واپسی بارڈر اور تجارت کی بندش اور فضائی حملے۔ تینوں آپشن بروئے کار لائے گئے لیکن سکیورٹی صورتحال میں کتنی بہتری آئی؟ یہ بھی دیکھا جائے افغان ناظم الامور کو دفتر خارجہ بلا کر جو احتجاج اور انتباہ کیا گیا اس کا لہجہ بدلا سا لگتا ہے۔ کہا گیا کہ حکام طالبان سے روابط کیے گئے لیکن ان کی طرف سے مثبت ردعمل نہ آیا۔ اس لہجے میں اور حملوں میں خاصا فرق ہے۔

موسم بہار ہوا اور پتنگ کی اڑان تو بہت اچھی لگتی ہے۔ لیکن پتنگ کا کمال اتنا ہی ہوتا ہے کٹ جاتی ہے یا ڈور کھینچے والی انگلیاں تھک جاتی ہیں۔ پھر آسمان خالی ہو جاتا ہے۔ ہمارے کردار کے چرچے ہوئے داد دی اور وصول کی گئی۔ بڑی بھلی چیزیں ہیں اور اچھی لگتی ہیں۔ لیکن اس کا جشن کہاں تک منایا جائے اور اس سے حاصل کیا ہونا ہے؟ کچھ سستا تیل ہی مل جاتا۔ کچھ ہمت کی ہوتی ایران بارڈر پر تیل کی ترسیل کا انتظام ہو جاتا۔ بھلے امریکہ کی ناراضی مول لینی پڑتی۔ داد و تحسین اپنی جگہ مگر تیل کی قیمتوں سے اس قوم کا حشر۔ جہاں تک ستائش کا تعلق ہے جب سے ایران جنگ کی وجہ سے صدر ٹرمپ کا قد کاٹھ کم ہوا ہے اور ان کی بات میں وہ گرج نہیں رہی تو ان کے لفظوں میں وہ چاشنی بھی نہیں رہی۔ حالت اب یہ ہے کہ ان کی بہت سی باتیں اب مذاق کے زمرے میں لی جانے لگی ہیں۔ ان کے کئی جملے امریکی سوشل میڈیا میں مذاق کا درجہ حاصل کر چکے ہیں۔

بہرحال اپنے بنیادی تضادات پر نظر رہے۔ معاشی زبوں حالی کے ساتھ یہ صورتحال بھی سامنے رہے کہ سوائے چین کے پاکستان کے تمام بارڈر بند ہیں۔ مغربی بارڈر بند مشرقی بارڈر بند اور جنگ کی وجہ سے ایران بارڈر پر بھی واجبی آمدورفت۔ حالات جتنے کشیدہ ہوں تجارت کے دروازے کھلے رہنے چاہئیں۔ چین اور بھارت کے درمیان بارڈر پر جھڑپیں بھی ہوں تو تجارت جاری رہتی ہے دیگر تعلقات بھی بحال رہتے ہیں۔ یہاں تناو کے پہلے اثرات نمایاں ہوں تو تجارت کی بندش پہلا ردعمل ہوتا ہے۔ یعنی دشمن کو جو نقصان پہنچتا ہے اس کا پتا نہیں لیکن اپنا نقصان ضرور کر لیتے ہیں۔ پچھلے سال معرکہ حق ہوا۔ ہمارے ہوا بازوں کی کارکردگی بہت اچھی رہی۔ اتنا ہی کافی نہیں؟ کیا ہر رابطے کو ختم کرنا ضروری ہے؟ اس سے کیا حاصل ہوگا؟ کون سا ہدف ہے جو ایسے اقدامات سے حاصل کرنا مقصود ہے؟ بھلے معرکہ حق ہوا بھلے نریندر مودی اور ان کی جماعت کی جو بھی پالیسیاں ہوں اسلام آباد اور دلی میں ایک دوسرے کے سفیر متعین ہونے چاہئیں اور تجارت کے راستے کھلنے چاہئیں۔ بیشک دشمنی دلوں میں رکھی جائے لیکن سمجھ رکھنے والے معمول کے تعلقات پر خواہ مخواہ کی کلہاڑی نہیں چلاتے۔

دفاعی صلاحیت مقدم ہے اس پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوسکتا۔ لیکن یہ کہاں کی حکمتِ عملی ہے کہ خام تیل کو صاف کرنے کی صلاحیت سے بے خبری روا رکھی جائے؟ ہندوستان بھی خام تیل امپورٹ کرتا ہے لیکن اس کی ریفائننگ کیپسٹی تو دیکھی جائے۔ ہم اس بارے میں غافل کیوں؟ اب پتا چلا کہ اس صلاحیت سے محروم رہنے سے سالانہ ایک بلین ڈالر کی ڈز مملکت کو لگ رہی ہے۔ جشنِ فتح کی ضرورت سے انکار نہیں لیکن آگے سوچنے کی بھی ضرورت ہے۔

گزارش یہ کہ حالات مشکل ہورہے ہیں اور مزید خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔ معاشی اور سکیورٹی مسائل تو ہیں ہی سیاسی افق پر بھی تناو کی ایک بے جا کیفیت ہے۔ ہمارے ہاں میں ہر معاملے پر پلسیا ذہنیت کا چھا جانا سوچ کا ایک زاویہ ہے۔ مخالف آواز اٹھے تو اٹھانے والے کو دھر لیا جائے۔ ہر ناپسندیدہ روش کا ایک ہی علاج زور زبردستی والا۔ ہماری سفارتی کامیابیوں کے جواہر زیادہ اچھے لگیں اگر اندرونِ ملک بھی پیام رسانی اور سفارت کاری کی نوید ملے۔

ہمارے بعد قیامت ہے



آخر کیوں؟
رؤف کلاسرا
rauf.klasra@dunya.com.pk

پاکستانی پارلیمنٹ ایک نہایت دلچسپ جگہ ہے۔ گزشتہ 24 برسوں سے وہاں آنا جانا ہے اور اس دوران خود کو بھگوان سمجھنے والوں کے عروج و زوال اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ سب بڑے لوگ انہی حرکتوں کے باعث زوال کا شکار ہوتے رہے جو ان سے پہلے والے کرتے آئے تھے۔ انسان ہمیشہ حیران رہتا ہے کہ لوگ دوسروں کی غلطیوں سے کیوں نہیں سیکھتے۔ جو وجہ مجھے سمجھ آئی وہ یہ ہے کہ ہر انسان خود کو دوسروں سے مختلف اور بہتر سمجھتا ہے۔ وہ خود کو ذہین اور باقیوں کو بیوقوف تصور کرتا ہے۔ اس کا خیال ہوتا ہے کہ اس سے پہلے والا شخص احمق تھا وہ حالات یا لوگوں کو درست انداز میں ہینڈل نہ کرسکا لیکن میں بہت سمجھدار ہوں اور وہ غلطیاں کبھی نہیں کروں گا جو میرے سے پہلے اس منصب پر بیٹھنے والے کرتے رہے۔ مگر انجام پھر بھی وہی نکلتا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ اس کی ایک بڑی وجہ طاقت ہے۔ جب طاقت آپ کے ہاتھ میں آتی ہے اور سب کچھ آپ کے اشارہ ابرو پر ہونے لگتا ہے اور حواری یہ احساس دلانا شروع کردیتے ہیں کہ "اپن ہی بھگوان ہے تو پھر انسان احتیاط کا دامن چھوڑ دیتا ہے۔ اسے لگتا ہے کہ نہ کبھی اس پر زوال آئے گا اور نہ ہی وہ کوئی غلطی کرے گا۔ 2012 میں بھارتی فلمی سپر سٹار راجیش کھنہ کی وفات ہوئی تو ایک بھارتی ٹی وی پروگرام میں ان کے ایک دوست کو یہ کہتے سنا کہ جب راجیش کھنہ اپنے عروج پر تھے تو انہیں یقین تھا کہ نہ وہ کبھی بوڑھے ہوں گے اور نہ ہی ان کا زوال آئے گا۔ لیکن پھر ان کی تنہائی اور ڈپریشن ان کی موت کا سبب بنے کیونکہ وہ سپر سٹار جس کے گرد کبھی دنیا گھومتی تھی آخر میں ایسا شخص بن گیا جس سے ملنے کوئی نہیں جاتا تھا۔

اسی طرح جب بل کلنٹن اور مونیکا لیونسکی کا سکینڈل سامنے آیا تو ایک میگزین نے یہ خصوصی رپورٹ شائع کی تھی کہ آخر بڑے اور کامیاب لوگ ہی سکینڈلز کا شکار کیوں ہوتے ہیں۔ رپورٹ میں مختلف سکینڈلز کا جائزہ لینے کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ طاقتور اور کامیاب لوگ آہستہ آہستہ احتیاط ترک کردیتے ہیں۔ انہیں لگتا ہے کہ چونکہ وہ اب تک کامیاب رہے ہیں اس لیے ہمیشہ ایسے ہی رہیں گے۔ یہی وجہ ہے کہ وہ ان خطرات کو نظر انداز کرتے جاتے ہیں جو واضح اشاروں کی صورت سامنے موجود ہوتے ہیں۔ یہی کچھ بل کلنٹن کے ساتھ ہوا۔ وائٹ ہاوس میں بیٹھا ہوا شخص خود کو اس قدر طاقتور سمجھنے لگا کہ اس نے کبھی نہ سوچا کہ ایک 22 سالہ لڑکی کے ساتھ دوستی اس کیلئے کس قدر خطرناک ثابت ہوسکتی ہے۔

یہی سب کچھ میں نے پارلیمنٹ میں بھی ہوتے دیکھا ہے۔ یہاں بھی سیاسی احتیاط جس کا تقاضا آپ کا عہدہ آپ سے کرتا ہے پوری نہیں کی جاتی کیونکہ لوگ سمجھتے ہیں کہ اب وہ کامیاب ہوچکے ہیں۔ ایک کامیاب شخص کے اندر اپنی شان و شوکت کا غرور اور تکبر پیدا ہو جاتا ہے۔ 2002 کے بعد تقریبا ہر وزیراعظم سے میری ملاقات رہی ہے ان میں سے کسی ایک سے مل کر بھی کبھی یہ احساس نہیں ہوا کہ انہیں اندازہ ہے کہ یہ سب وقتی ہے اور ایک دن اچانک ان کے نیچے سے اقتدار کا قالین کھینچ لیا جائے گا۔ انہیں ہمیشہ یہی محسوس ہوا کہ وہ عمر بھر اسی کرسی پر رہیں گے۔ اسی لیے ان کے پاس کبھی 'پلان بی' نہیں ہوتا اور پھر ایک طویل جنگ شروع ہوتی ہے جو کسی کو پھانسی کسی کو جیل اور کسی کو جلاوطنی تک لے جاتی ہے۔ ذوالفقار علی بھٹو نے کب سوچا ہوگا کہ ان جیسے طاقتور شخص کو بھی پھانسی دی جاسکتی ہے؟ بھٹو صاحب کو چھوڑیں شاید کوئی پاکستانی بھی یہ ماننے کو تیار نہ تھا۔ روایت ہے کہ اسی حیرت کے عالم میں بھٹو صاحب نے اپنے جلاد تارا مسیح سے وہ تاریخی جملہ کہا تھا: "Finish it"۔ نواز شریف کو دیکھ لیں جنہوں نے بطور وزیراعظم چار سو دن بیرونِ ملک دوروں میں گزارے وہ بھی اقتدار سے برطرفی کے بعد حیرت سے پوچھتے تھے: "مجھے کیوں نکالا؟ شاید ان کے وہم وگمان میں بھی نہ تھا کہ ایک جمہوری ملک میں عدالت کسی مرحلے پر انہیں گھر بھیج سکتی ہے۔ وہ ایک طویل منصوبہ بندی کے ساتھ آگے بڑھ رہے تھے۔ بالکل یہی کچھ عمران خان کے ساتھ بھی ہوا۔ ان کے وزرا فیض حمید کی وجہ سے اس قدر پراعتماد تھے کہ ٹی وی شوز میں کہتے تھے کہ "اپنا تو اب یہاں دس سال رہنے کا پلان ہے۔ ان کی پوری حکمت عملی یہ تھی کہ نومبر 2022 میں فیض حمید آرمی چیف بنیں گے آصف غفور ڈی جی آئی ایس آئی ہوں گے پھر الیکشن سے پہلے شہباز شریف کو سولہ ارب روپے کی منی لانڈرنگ کیس میں سزا ہوگی نواز شریف پہلے ہی ملک سے باہر تھے لہذا 2023 کا الیکشن آسانی سے جیت کر دوبارہ حکومت قائم کرلی جائے گی۔ دورہ ماسکو سے واپس آنے والے صحافی ہمیں بتایا کرتے تھے کہ فیض حمید پاکستان کا نیا پوتن ہے۔ میں حیرانی سے ان کی باتیں سنتا تھا اور سوچتا تھا کہ وزیراعظم عمران خان کو اپنے اقتدار پر کس قدر اعتماد ہے کہ وہ اتنی طویل منصوبہ بندی کیے بیٹھے ہیں۔ مجھے یاد ہے کہ 2022 کے ابتدائی دنوں میں ایک ٹی وی شو میں اس وقت کے وفاقی وزیر علی زیدی نے مجھ سے کہا تھا "آپ بیشک ہمارے خلاف سکینڈلز فائل کرتے رہیں ہم 2028 تک یہاں ہیں۔ یعنی ان کو یقین تھا کہ وہ 2023 کا الیکشن جیت کر دوبارہ حکومت بنائیں گے۔ پھر کچھ عرصہ بعد بات 2035 تک پہنچ گئی۔ اور پھر وہی عمران خان سڑکوں پر کھڑے پوچھ رہے تھے کہ ملک تو بہت اچھا چل رہا تھا پھر مجھے کیوں نکالا؟ عمران خان کو بھی یہی لگتا تھا کہ ان سے پہلے جتنے وزرائے اعظم آئے اور اپنا وقت پورا نہ کر سکے وہ اتنے ذہین نہ تھے جتنے وہ خود ہیں یا ان کے پاس ویسی طاقت نہیں تھی جیسی ان کے پاس ہے۔ وزیراعظم بننے کے بعد عمران خان نے پارلیمنٹ آنا تقریبا چھوڑ دیا تھا۔ پارلیمنٹ اور ارکانِ اسمبلی کو فیض حمید کا ایک ماتحت چلاتا تھا جو ارکانِ اسمبلی کو اکٹھا کر کے ایوان میں لاتا اور کہتا کہ فلاں بل پر ووٹ ڈالنا ہے لہذا عمران خان کو محسوس ہی نہیں ہوتا تھا کہ انہیں ایوان میں جانے ارکان سے تعلق رکھنے یا پارلیمنٹ کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔

اب یہی سوچ مجھے شہباز شریف کی دکھائی دیتی ہے جو چھ ماہ سے پارلیمنٹ نہیں گئے۔ عمران خان کو لگتا تھا کہ قمر جاوید باجوہ اور فیض حمید موجود ہیں تو انہیں فکر کی کوئی ضرورت نہیں۔ اب شہباز شریف کی سوچ بھی کچھ ایسی ہی ہوچکی ہے کہ ایک پیج پر ہوتے ہوئے انہیں کسی چیز کی پروا نہیں کرنی چاہیے۔ اسی لیے پیر کے روز پارلیمنٹ میں ایک دلچسپ منظر دیکھنے کو ملا جب ایوان میں نہ وزیراعظم موجود تھے نہ ڈپٹی وزیراعظم نہ وزیر داخلہ نہ وزیر دفاع اور نہ ہی دیگر درجنوں وزرا۔ حتی کہ حکومتی ارکان بھی نہ ہونے کے برابر تھے۔ مولانا فضل الرحمن بیرسٹر گوہر علی اور محمود خان اچکزئی خالی حکومتی نشستوں کو دیکھ کر حیرت سے تقاریر کررہے تھے۔ کبھی تحریک انصاف پر الزام لگایا جاتا تھا کہ وہ ایوان میں نہیں آتی مگر اب حکومت خود ایوان سے غائب ہے۔ مجھے اس وقت بے اختیار ہنسی آئی جب محمود اچکزئی نے سپیکر سے کہا کہ اگر عمران خان کو علاج کیلئے ہسپتال نہ لے جایا گیا تو وہ ایوان نہیں چلنے دیں گے پھر گلہ نہ کیجیے گا۔ میں نے ایوان پر نظر دوڑائی تو وہاں پہلے ہی حکومت کا کوئی نمائندہ موجود نہ تھا۔ ایوان تو ویسے بھی اپوزیشن ارکان چلا رہے تھے۔ شہباز شریف کے بغیر ایوان ایک سال سے اسی طرح چل رہا ہے جیسے عمران خان کے دور میں چلتا تھا۔ پھر اچکزئی کی اس دھمکی پر ہنسی نہ آئے تو اور کیا آئے؟

سب بڑے لوگ جو خود کو بھگوان سمجھنے لگتے ہیں دراصل خود کو دھوکا دیتے رہتے ہیں کہ وہ ناگزیر ہیں۔ کبھی نواز شریف کبھی عمران خان اور آج کل شہباز شریف خود کو یوں سمجھتے ہیں جیسے کرہ ارض کے آخری انسان ہوں اور ان کے بعد قیامت ہے۔

☆☆☆

والدین کی لاپرواہی۔۔۔!

تحریر: سویرا عارف مغل

اگر آپ کا بچہ کسی غلط عادت میں مبتلا ہوگیا ہے مثلا نشہ کی لت میں تو آپ مکمل قصوروار اسے نہیں ٹھہرا سکتے۔ آپ دیکھیں کے آپ اس کی والدہ ہیں جب وہ آپ سے کوئی بات کرنے آتا ہے تو آپ کس طرح اس کے ساتھ سلوک کرتی ہیں۔ یہ تو کسی کتاب میں نہیں لکھا کہ مرد ہے تو دھتکار دیا جائے ہمیشہ بیٹیوں کو ہی فوقیت دی جائے۔ جس طرح بیٹیوں کے مسائل سنے جاتے ہیں اسی طرح بیٹوں کی بھی ضروریات کا خیال رکھا جائے۔ بحیثیت والدین یہ آپ کا فرض ہے۔ اسی طرح دوسری جانب دیکھا جائے تو بہت سی بچیوں کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوتے دکھائی دیتا ہے۔ جب وہ ماں سے کوئی بات کرتی ہیں کہ مجھے بخار ہے یا دوائی لیں دیں تو آج کل ہماری مائیں وہ بدتہذیبی کا مظاہرہ کرتی ہیں جس کی نظیر نہیں ملتی پھر وہ بچی خاموشی سے اس جگہ سے ہی چلی جاتی ہے۔ بچی کو صاف کہہ دیا جاتا ہے مجھے نہیں پتا، تم جانو تمہارا کام جانے۔ پھر وہ بہن سے بات کرتی کہ میں بیمار ہوں مجھے دوائی چاہیے۔ پھر کہہ دیا جاتا ہے مجھے نہیں پتا، میں کیا کرسکتی ہوں یار۔ مزید اگر وہ اپنے بھائی سے بات کرے تو وہ کہے گا میں ڈاکٹر نہیں ہوں نا، امی سے بات کرو۔ ابو سے کہہ نہیں سکتی کیونکہ ہمارے معاشرے میں اگر باپ بھی اپنی بیٹی کو لے کر ہسپتال علاج کروانے لے آئے تو لوگ ایسے دیکھتے ہیں جیسے باپ ہی مجرم ہو۔ الغرض، اپنی اولاد پر انگلی اٹھانے سے پہلے یہ دیکھیں کہ ہم کس طرح سلوک کرتے ہیں ان کے ساتھ۔ آج اگر ہمارے بچے گمراہیوں کا شکار ہیں تو ہم نے اپنا کتنا حصہ ڈالا ہے ان کو ایسا بنانے میں؟ آج اگر کوئی نوجوان نفسیاتی مسائل کا شکار ہوتا ہے تو اس میں اس کے اردگرد موجود لوگوں کا پورا پورا حصہ ہوتا ہے۔ ایسے نہیں کوئی بھی کسی بھی مسئلہ میں پھنستا۔ چور اگر چوری کرتا ہے تو یقینا اس کا مسئلہ روٹی ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اب بہت سے بہن، بھائی آ کر کہیں گے کہ آپ برائی کو پروموٹ کررہی ہیں۔ نہیں میرے بہنو اور بھائیو ! میں اللہ کی شکر گزار ہوں کہ اس نے مجھے توفیق دی کہ میں ان باتوں پر بات کرسکوں جو ہمارے معاشرتی مسائل کی جڑیں ہیں اور ان چیزوں پر بات کرنا تو پھر ایک جرآت کی بات ہے ان کو تو سوچتا بھی کوئی کوئی ہے۔ سو ہمیں خود بھی بچوں کے ساتھ ہر حال میں حسنِ سلوک کا مظاہرہ کرنا چاہیے اور ان کے مسائل کسی صورت نظر انداز نہیں کرنے چاہیے چاہے پھر وہ لڑکا ہو یا لڑکی۔

☆☆☆☆

بقیہ 1

گی۔ تاہم اب حکومت نے ان خبروں کی تردید کردی ہے اور ایسی خبروں میں کسی قسم کی کوئی سچائی نہیں۔ 3 مارچ 2026 کو پمز اور الشفا آئی ہسپتال کے ڈاکٹرز نے عمران خان کی آنکھ کا طبی معائنہ مکمل کیا تھا۔ ذرائع نے بتایا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کی آنکھ کا فالواپ چیک اپ اڈیالہ جیل میں ماہر امراض چشم ڈاکٹر عارف اور ڈاکٹر ندیم قریشی نے کیا۔ ڈاکٹرز نے عمران خان کی آنکھ کے مختلف ٹیسٹ کیے، انہوں نے سابق وزیراعظم کی آنکھ کی بینائی پر اطمینان کا اظہار کیا تھا۔

بقیہ 2

بچپن اور تعلیم کا حق حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کا آرٹیکل 11 بچوں سے جبری مشقت اور استحصال کی ممانعت کرتا ہے، آرٹیکل 25-اے تمام بچوں کے لیے مفت اور لازمی تعلیم کی ضمانت دیتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا ہے کہ بچوں سے مشقت ان کے مستقبل اور تعلیم دونوں کو متاثر کرتی ہے، وفاقی اور صوبائی سطح پر چائلڈ لیبر کے خاتمے کے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کے تحفظ کے لیے قوانین کے موثر نفاذ کی ضرورت ہے، استحصال کا شکار بچوں کو تعلیم اور محفوظ ماحول کی طرف واپس لانا ہوگا۔ آصف زرداری نے کہا کہ والدین، اساتذہ اور مذہبی رہنما بچوں کے تحفظ میں اپنا کردار ادا کریں، سول سوسائٹی اور آجرین بچوں کو تعلیم سے محروم نہ ہونے دیں، بچوں کا استحصال کسی بھی مہذب معاشرے کے لیے ناقابل قبول ہے، قومیں اپنے بچوں کے ساتھ سلوک سے پہچانی جاتی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے ہر بچے کو سیکھنے اور آگے بڑھنے کا موقع ملنا چاہیے، بچوں کی تعلیم میں سرمایہ کاری روشن اور محفوظ مستقبل کی ضمانت ہے، چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لیے اجتماعی قومی کوششیں ناگزیر ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ ہر بچہ اسکول میں ہو، یہی ہماری مشترکہ ذمے داری ہے، بچوں کے حقوق کا تحفظ ایک مضبوط اور خوشحال پاکستان کی بنیاد ہے، آئیں مل کر بچوں سے مشقت کے خاتمے اور تعلیم کے فروغ کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 3

تیسرا بجٹ پیش کر رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بنیان مرصوص میں کامیابی ایک روشن باب ہے۔ گزشتہ سال بھارت کو منہ توڑ جواب دیا گیا، آج پوری دنیا پاکستان کی دفاعی طاقت کو مانتی ہے۔ بہت سارے ممالک ہمارے فائٹر جیٹس اپنی افواج میں شامل کرنا چاہتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان ایسے ملک کی حیثیت حاصل کر چکا ہے جس کی آواز سنی جاتی ہے، ہماری مسلح افواج نے دشمن کو ایسا منہ توڑ جواب دیا کہ وہ چند گھنٹوں میں امن کی بات پر مجبور ہوا۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پاکستان کی ساکھ بھارتی جارحیت کے جواب کے بعد عالمی سطح پر بڑھی ہے۔ وزیرخزانہ کا کہنا تھا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدہ کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ ہمارے پاس مقدس اور بھاری ذمہ داری ہے۔ سعودی عرب کے ساتھ بھائی چارے کا رشتہ دفاعی معاہدے سے مضبوط ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین تعلقات ہماری خارجہ پالیسی کا اہم ستون ہے، پاکستان نے خطے میں امن استحکام، کشیدگی میں کمی کیلئے فعال، ذمہ دارانہ سفارتی کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس مالی سال میں لارج اسکیل مینوفیکچرنگ کی شرح نمو 6.1 فیصد رہی، خدمات شعبے میں 4.1 فیصد شرح نمو سامنے آئی۔ وزیرخزانہ کا کہنا تھا کہ ہماری معیشت کا حجم 452 ارب ڈالر تک پہنچ چکا ہے جو نیا سنگ میل ہے۔ فی کس آمدنی 1751 ڈالر سے بڑھ کر 1901 ڈالر ہوگئی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایران امریکا جنگ کی وجہ سے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بین الاقوامی منڈیوں میں ہوش ربا اضافہ ہوا۔ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ ہر گھر کے بجٹ پر نیا اور غیر متوقع دباؤ آیا، اگر حکومت اس جھٹکے کا پورا بوجھ عوام پر منتقل کر دیتی تو یہ قیمتیں کہیں زیادہ ہوتیں۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے دو سالوں میں پالیسی ریٹ میں تاریخی کمی واقع ہوئی، زرمبادلہ ذخائر تین سال قبل 4 ارب ڈالر تھے۔ زرمبادلہ ذخائر بڑھ کر 17 ارب ڈالر سے زائد ہو چکے۔ زرمبادلہ ذخائر تین مہینوں کی درآمدات کیلئے کافی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ترسیلات زر پچھلے مالی سال 38 ارب ڈالر تھے، اس مالی سال کے پہلے 11 ماہ میں ترسیلات زر کا حجم 38 ارب ڈالر تک پہنچ چکا ہے۔ سال بھر کی ترسیلات زر 41 ارب ڈالر سے تجاوز کر جائیں گے۔ وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ قومی ترقیاتی پروگرام کے لیے 3 ہزار 675 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، وفاق کا ایک ہزار ارب روپے اور صوبوں کا ترقیاتی پروگرام 2224 ارب روپے ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ریاستی ملکیتی اداروں کی جانب سے سرمایہ کاری کے لیے 451 ارب روپے شامل ہیں۔ اپنی بجٹ تقریر میں انہوں نے کہا کہ شاہراہوں، ریل اور بندرگاہوں کی ترقی ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیرخزانہ نے مزید کہا کہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں نقل و حمل کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے لیے 365 ارب روپے مختص کیے ہیں۔ وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر اورنگزیب نے اعلان کیا ہے کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 7 فیصد اور ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن میں 7 فیصد اضافے کی تجویز ہے۔ انہوں نے بجٹ 27-2026ء میں کہا کہ کم سے کم ماہانہ تنخواہ میں 10 فیصد اضافے کی تجویز ہے جبکہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 7 فیصد اضافہ کیا جا رہا ہے۔ وزیرخزانہ نے مزید کہا کہ کفالت پروگرام کو 1 کروڑ 20 لاکھ خاندانوں تک بڑھایا جائے گا جبکہ تعلیمی وظائف کو مزید وسعت دی جائے گی۔ سینیٹر اورنگزیب نے یہ بھی کہا کہ آئندہ مالی سال بی آئی ایس پی کے لیے 838 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز ہے، بی آئی ایس پی کے لیے یہ رقم پچھلے سال کیمقابلے میں 17 فیصد زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جاری اخراجات سے آزاد کشمیر کے لیے 146 ارب روپے، گلگت بلتستان کے لیے 88 ارب دیے جائیں گے۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ تنخواہ دار طبقے کو ریلیف دینے کے لیے چار آمدنی سلیبز پر انکم ٹیکس کی شرح کم کرنے کی تجویز دی گئی ہے، جبکہ تنخواہ دار افراد پر عائد سرچارج ختم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ آمدنی کے چار سلیبس کے تنخواہ دار افراد کو ریلیف دینے کی تجویز دی گئی ہے، سالانہ 22 سے 32 لاکھ آمدن پر ٹیکس کی شرح 23 سے کم کر کے 20 فیصد کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ وزیرخزانہ کا کہنا تھا کہ سالانہ 32 سے 41 لاکھ آمدن پر ٹیکس کی شرح 30 سے کم کر کے 25 فیصد کرنے کی تجویز ہے، سالانہ 41 سے 56 لاکھ آمدن پر ٹیکس کی شرح 35 سے کم کر کے 29 فیصد اور 56 سے 70 لاکھ سالانہ آمدن پر ٹیکس کی شرح 35 سے کم کر کے 32 فیصد کرنے کی تجویز شامل ہے، جبکہ تنخواہ دار طبقے پر عائد سرچارج ٹیکس ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ سالانہ 15 سے 50 کروڑ آمدن کے 6 سلیبز پر سپر ٹیکس ختم کر دیا گیا، سالانہ 50 کروڑ سے زائد آمدن پر سپر ٹیکس 10 سے کم کر کے 8 فیصد کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ وفاقی بجٹ 27-2026 میں جائیداد منتقلی پر عائد ودہولڈنگ ٹیکس میں کمی کی تجویز ہے۔ وزیرخزانہ کہ فائلرز کیلئے جائیداد خریداری پر ودہولڈنگ ٹیکس 2 اعشاریہ 5 فیصد سے کم کر کے 1 اعشاریہ 25 فیصد کرنے کی تجویز دی ہے۔ فائلرز کیلئے جائیداد فروخت پر ودہولڈنگ ٹیکس 5 اعشاریہ 5 سے کم کر کے 2 اعشاریہ 75 فیصد کرنے کی تجویز ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے انکشاف کیا ہے کہ ملک میں ڈیجیٹل بینک کی سہولت سے مستفید ہونے والوں کی تعداد 13 کروڑ 30 ہو چکی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ڈیجیٹل پاکستان اور مالی شمولیت کے ایجنڈے میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ یہی وجہ ہے بینکنگ یوزرز میں اضافہ ہوا ہے، جس سے ڈیجیٹل ٹرانزیکشن اور کیش لیس اکانومی کے فروغ کی بنیاد مضبوط ہوئی ہے۔ وفاقی وزیرخزانہ نے مزید کہا کہ پچھلے سال کے پانچ لاکھ کے مقابلے میں 16 لاکھ 77 ہزار تاجر ڈیجیٹل پیمنٹ کے نظام سے جڑ چکے ہیں۔ اُن کا کہنا تھا کہ اسی طرح ڈیجیٹل بینکنگ کی سہولت سے استفادہ کرنے والے صارفین کی تعداد 9 کروڑ 50 لاکھ سے بڑھ کر 13 کروڑ 30 لاکھ تک پہنچ چکی ہے۔ وزیرخزانہ نے یہ بھی کہا کہ سالانہ ڈیجیٹل ٹرانزیکشن کی تعداد 6 اعشاریہ 9 ارب سے بڑھ کر 10 اعشاریہ 1 ارب ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں وصول ہونے والی ترسیلات کا 92 فیصد بینک اکاؤنٹس میں موصول ہوا جبکہ جی 2 پی کا 75 فیصد اب اسی ڈیجیٹل نظام کے تحت کیا جا رہا ہے۔ وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ کریڈٹ اور ڈیبٹ کارڈز کے ذریعے بیرون ملک ادائیگیوں پر ودہولڈنگ ٹیکس 0.5 فیصد کرنے کی تجویز دی گئی ہے، جبکہ غیر ملکی اثاثے رکھنے پر کیپٹل ویلیو ٹیکس ختم کرنے کی تجویز بھی ہے۔ قومی اسمبلی اجلاس کے دوران وفاقی بجٹ میں ٹیکس نظام میں مزید تبدیلیوں کی تجویز دیتے ہوئے وزیرخزانہ نے کہا کہ غیر ملکی اثاثے رکھنے والوں پر عائد کیپٹل ویلیو ٹیکس (سی وی ٹی) ختم کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ وزیرخزانہ کے مطابق یہ ٹیکس غیر ملکی اثاثوں کو ظاہر کرنے اور قانونی طور پر ڈیکلیئر کرنے کی حوصلہ شکنی کا باعث بن رہا تھا۔ حکومت کا مؤقف ہے کہ کیپٹل ویلیو ٹیکس کے خاتمے سے ٹیکس دہندگان کو اپنے غیر ملکی اثاثے ظاہر کرنے کی ترغیب ملے گی اور ٹیکس نظام میں شفافیت بڑھے گی۔ وفاقی بجٹ 27-2026 میں درآمد کی جانے والی گاڑیوں پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی عائد کرنے کی تجویز دے دی گئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ درآمد کی جانے والی گاڑیوں پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 2 سے 3 ہزار سی سی تک کی ایس یو ویز پر بھی فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی عائد کرنے کی تجویز ہے جبکہ 3 ہزار سی سی سے بڑی گاڑیوں پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ وزیرخزانہ نے بتایا کہ 2 کروڑ سے مہنگی الیکٹرک گاڑی پر بھی فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی عائد کرنے کی تجویز ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نئی آٹو پالیسی وزیراعظم کی تشکیل کردہ کمیٹی کے زیرغور ہے۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ الیکٹرک موٹر سائیکل، رکشوں اور بسوں پر موجودہ رعایتی نظام برقرار رہے گا۔ درآمد کیے جانے والے الیکٹرک ٹرکوں پر ایک فیصد سیلز ٹیکس سہولت کی تجویز ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ بیرون ملک بزنس کلاس میں سفر پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی ختم کر دی گئی ہے۔ وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ چھوٹے دکانداروں کے لیے فکس ٹیکس سسٹم متعارف کرانے کی تجویز ہے، اس سسٹم میں وہ دکاندار آ سکتے ہیں جن کی سالانی فروخت 20 کروڑ روپے سے کم ہے۔ بجٹ تقریر میں وزیرخزانہ نے کہا چھوٹے دکاندار اپنی سالانہ سیلز کا ایک فیصد ٹیکس ادا کریں گے، اس ٹیکس میں دکاندار اپنا ودہولڈنگ ایڈجسٹ کرا سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے دکاندار کو گوشوارے جمع کراتے وقت کم از کم 25 ہزار روپے جمع کرانا ہوں گے۔ وزیرخزانہ نے کہا ان کا روٹین میں کوئی آڈٹ نہیں ہوگا، ان پر خریداری پر ودہولڈنگ کی ذمہ داری نہیں ہوگی، پی او ایس مشین رکھنے سے استثنیٰ ہوگا۔ کروڑوں آمدن پر عائد سپر ٹیکس ختم کرنے کی تجویز وفاقی وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے 15 سے 50 کروڑ روپے کی آمدنی پر عائد سپر ٹیکس ختم کرنے کی تجویز دے دی۔ بجٹ تقریر میں وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ ہماری حکومت نے کاروبار سے 15 کروڑ روپے سے 50 کروڑ روپے تک کی آمدنی کے سیلبس پر عائد سپر ٹیکس ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل سپر ٹیکس کی شرح 6 سیلبس کی شکل میں 1 سے ساڑھے 7 فیصد تک عائد تھی۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ اسی طرح 50 کروڑ روپے سے زائد آمدنی پر سپر ٹیکس کی شرح 10 فیصد تھی، جسے کم کر کے 8 فیصد کرنے کی تجویز ہے۔ سینیٹر اورنگزیب نے یہ بھی کہا کہ بینکوں، تیل اور گیس تلاش کرنے والی کمپنیوں اور فرٹیلائزرز پر سرچ برقرار ہے۔ اپوزیشن اراکین پلے کارڈ اٹھائے ایوان میں داخل ہو گئے، اپوزیشن ارکان نے وفاقی وزیرخزانہ کی تقریر کے دوران ایوان میں شور شرابہ کیا۔ پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ ارکان نشستوں پر کھڑے ہو گئے، اس دوران انہوں نے احتجاج کیا اور نعرے بازی کرتے رہے۔ اپوزیشن کی طرف سے عوام کو ریلیف دو کے نعرے لگائے گئے اور بینرز لہرا دیے گئے۔ علاوہ ازیں ایوان میں حکومتی اور اپوزیشن ارکان گتھم گتھا ہو گئے۔ قبل ازیں وفاقی کابینہ نے بجٹ 27-2026ء کی منظوری دی، وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں وفاقی کابینہ نے بجٹ دستاویزات اور فنانس بل مسودے کی منظوری دے دی ہے۔

بقیہ 4

گفتگو کرتے ہوئے کیا جس نے وزیراعظم سے یہاں ملاقات کی۔ وفد میں وزیر برائے قومی صحت سید مصطفیٰ کمال اور اراکین قومی اسمبلی فاروق ستار، امین الحق اور جاوید حنیف شامل تھے۔ ملاقات میں وفاقی بجٹ برائے مالی سال 2026-2027 اور ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال، وفاقی وزیر قانون وانصاف اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ بھی موجود تھے۔ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ حکومت کی ایک اہم اتحادی جماعت ہے اور ملک کی ترقی، معاشی استحکام اور عوامی فلاح کے ایجنڈے کی تکمیل میں اس کا مثبت اور تعمیری کردار قابل قدر ہے، یہ اشتراک عمل مستقبل میں بھی قومی مفاد اور عوامی خدمت کے لیے اسی جذبے کے ساتھ جاری رہے گا۔

بقیہ 5

ویسٹ برننگ، فیٹ میلٹنگ اور بون کرشنگ سرگرمیوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اب تک 473 غیر قانونی یونٹس کی میپنگ کے بعد ان کے خلاف کارروائیاں مکمل کی جا چکی ہیں جبکہ رواں سال 112 یونٹس کے خلاف آپریشن کیا گیا ہے۔ کارروائیوں کے دوران 23 ہزار کلوگرام فضلہ تحویل میں لے کر لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (ایل ڈبلیو ایم سی) کے حوالے کیا گیا۔ خلاف ورزیوں پر 23 مقدمات درج کیے گئے، 21 یونٹس سیل کیے گئے جبکہ کریک ڈاؤن کے دوران 57 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ اس موقع پر مریم اورنگزیب نے کہا کہ عوامی صحت، صاف ماحول اور شہریوں کے بنیادی حق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بدبو، تعفن، ماحولیاتی آلودگی اور ناقص حفظانِ صحت کے اصولوں پر چلنے والے یونٹس کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ سینئر صوبائی وزیر نے واضح کیا کہ انسانی صحت سے کھلواڑ کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور غیر قانونی صنعتی سرگرمیوں سے پیدا ہونے والی ماحولیاتی آلودگی کا مکمل خاتمہ حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ رہائشی آبادیوں کے قریب آلودگی پھیلانے والے یونٹس کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ محکمہ ماحولیات کی فیلڈ فورس کو متاثرہ علاقوں میں مسلسل کریک ڈاؤن جاری رکھنے اور حفاظتی اقدامات یقینی بنانے کی خصوصی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ ای پی اے اور متعلقہ ادارے ماحولیاتی قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق صحت مند، صاف اور آلودگی سے پاک پنجاب کے قیام کے لیے مؤثر اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے مزید اعلان کیا کہ رہائشی علاقوں میں قائم تمام غیر قانونی صنعتی یونٹس ہر صورت ختم کیے جائیں گے اور کسی بھی خلاف ورزی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ تمام غیر قانونی صنعتی یونٹس کو رہائشی علاقوں سے منتقل ہونے کے لیے ایک ماہ کی حتمی ڈیڈ لائن جاری کر دی گئی ہے، جس کے بعد سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 6

ہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اپیل کی کہ پھول جیسے بچوں سے پیار کریں، مشقت نہ کرائیں۔ مہذب اور باوقار معاشرے میں بچوں کے حقوق کا احترام یقینی سمجھا جاتا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ آج پنجاب بچوں کیلئے محفوظ ترین ہے، بچے میری ریڈ لائن ہے۔ بچوں پر تشدد یا کسی قسم کی زیادتی قطعی طور پر ناقابل برداشت ہے۔ اینٹوں کے بھٹوں سمیت کسی بھی مقام پر چائلڈ لیبر کے ارتکاب پر سخت ترین قانونی کارروائی کا عزم رکھتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ''بچوں کیلئے منصفانہ مواقع، مشقت نا قابل قبول، نوجوانوں کیلئے باعزت روزگار'' چائلڈ لیبر ڈے کا پیغام ہے۔ پنجاب میں چائلڈ پروٹیکشن بیورو سمیت سماجی بہبود کے دیگر ادارے بچوں کے تحفظ کے لئے سرگرم عمل ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہر بچہ ہمارا مستقبل ہے، ہاتھ میں اینٹ پتھر اور لوہا نہیں، کتاب اور لیپ ٹاپ دیکھنا چاہتے ہیں۔ ہونہار سکالرشپ اور لیپ ٹاپ دیکر بچوں کو تعلیم کی طرف راغب کر رہے ہیں۔ چائلڈ لیبر کے خاتمے کے لئے انفرادی نہیں بلکہ اجتماعی شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بچوں کی غذائی ضروریات، تعلیم و تربیت اور صحت کی ریاستی ذمہ داری کو پورا کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔ بچوں میں غذائی کمی کو پورا کرنے کیلئے پنجاب میں سکول میل پروگرام جاری ہے۔

بقیہ 7

ن کی دفاعی طاقت کو مانتی ہے، بہت سارے ممالک ہمارے لڑاکا طیارے اپنی افواج میں شامل کرنا چاہتے ہیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدہ کا ذکر کرنا چاہتا ہوں، ہمارے پاس مقدس اور بھاری ذمہ داری ہے، سعودی عرب کیساتھ بھائی چارے کا رشتہ دفاعی معاہدے سے مضبوط ہوا۔

بقیہ 8

کر لیا۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کارروائیاں اٹک، سیالکوٹ، راولپنڈی، جامشورو اور کراچی میں کی گئیں، کارروائی کے دوران 22 کلو 870 گرام چرس اور 2 گرام کوکین برآمد کی گئیں علاوہ ازیں کارروائی میں 8 گرام وزنی 10 ایکسٹیسی گولیاں بھی برآمد کی گئی ہیں۔ ترجمان پولیس کے مطابق گرفتار ملزم نے تعلیمی اداروں کے طلبا کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف بھی کی ہے۔ انسداد منشیات ایکٹ 1997ء کے تحت کارروائیوں کے دوران گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیا گیا ہے۔

بقیہ 9

امیدوار کو سب انسپکٹر کے عہدے پر فوری تعیناتی کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس راحیل کامران شیخ نے سیدہ عامرہ بتول کی درخواست پر 12 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا، جسے عدالتی نظیر قرار دیا گیا ہے، عدالت نے اپنے فیصلے میں واضح کیا کہ عدالتی احکامات پر من وعن عمل کرنا انتظامیہ اور ریاستی اداروں کی آئینی ذمہ داری ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ محکمہ پولیس کی جانب سے جاری کیا گیا مشروط تعیناتی کا آرڈر عدالتی حکم کی حقیقی تعمیل نہیں تھا، مزید کہا گیا کہ انٹرا کورٹ اپیل خارج ہونے کے بعد ہائی کورٹ کا فیصلہ حتمی شکل اختیار کر چکا ہے۔ لاہور ہائی کورٹ نے محکمہ پولیس کو عدالتی فیصلے پر عملدرآمد کے لئے 30 دن کی حتمی مہلت دیتے ہوئے آئی جی پنجاب کو ہدایت کی ہے کہ ایک ماہ کے اندر تعمیلی رپورٹ ڈپٹی رجسٹرار (جوڈیشل) کے پاس جمع کرائی جائے۔ عدالت نے یہ بھی قرار دیا کہ مقررہ وقت میں حکم پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں خاتون امیدوار دوبارہ توہین عدالت کی درخواست دائر کرنے کی مجاز ہوگی۔ بعدازاں عدالت نے سب انسپکٹر کی تعیناتی کی مہلت دیتے ہوئے آئی جی پنجاب کیخلاف توہین عدالت کی درخواست نمٹا دی۔

بقیہ 10

مختلف طبی مسائل کا سامنا کر رہی تھیں۔ شاہی محل کے مطابق شہزادی کو دسمبر 2022 میں شمال مشرقی صوبے ناخون راتچاسیما کے دورے کے دوران اچانک دل کی بیماری کے باعث بے ہوشی کا دورہ پڑا تھا، اس کے بعد انہیں ہیلی کاپٹر کے ذریعے فوری طور پر دارالحکومت بنکاک منتقل کیا گیا، جہاں ان کا علاج جاری رہا۔ محل کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ جمعرات کی شام ان کی طبیعت مزید بگڑ گئی، انہیں پیٹ کے اندر شدید انفیکشن، آنتوں کی سوزش، کم بلڈ پریشر، دل کی دھڑکن میں بے ترتیبی اور خون جمنے سے متعلق پیچیدگیوں کا سامنا تھا، جن کے باعث وہ انتقال کر گئیں، شاہی محل نے ان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اور ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ شہزادی باجرا کیتیابھا، جنہیں عام طور پر شہزادی بھا کے نام سے جانا جاتا تھا، 7 دسمبر 1978 کو اس وقت کے ولی عہد وجیرالونگ کورن اور ان کی پہلی اہلیہ شہزادی سوامساوالی کے ہاں پیدا ہوئیں۔ تھائی لینڈ میں انہیں عوامی خدمات، خواتین قیدیوں کی فلاح و بہبود کے لیے کام اور سفارتی ذمہ داریوں کی وجہ سے خاص طور پر یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے امریکا کی کارنیل یونیورسٹی سے قانون کی تعلیم حاصل کی، جہاں سے ماسٹرز اور ڈاکٹریٹ کی ڈگریاں حاصل کیں، 2006 سے 2011 تک تھائی لینڈ کے اٹارنی جنرل کے دفتر میں بطور وکیل خدمات انجام دیں۔ 2012 سے 2014 کے دوران انہوں نے آسٹریا، سلووینیا اور سلوواکیہ میں تھائی لینڈ کی سفیر کے طور پر فرائض سرانجام دیے، اس کے بعد وہ دوبارہ بنکاک میں اٹارنی جنرل کے دفتر سے وابستہ ہو گئیں۔ شہزادی نے ایک فلاحی ادارہ بھی قائم کیا تھا جو قیدی خواتین، خصوصاً جیل میں حاملہ خواتین کے حقوق اور ان کی فلاح کے لیے کام کرتا تھا، 2017 میں اقوام متحدہ کے کمیشن برائے انسداد جرائم اور فوجداری انصاف نے انہیں جنوب مشرقی ایشیا میں قانون کی حکمرانی کے لیے خیرسگالی سفیر مقرر کیا تھا۔ 2021 میں انہوں نے فوج میں شمولیت اختیار کی، جہاں انہیں جنرل کا عہدہ دیا گیا اور وہ رائل سیکیورٹی کمانڈ میں چیف آف سٹاف کے طور پر بھی خدمات انجام دیتی رہیں۔ تھائی لینڈ کے آئین کے مطابق شہزادی باجرا کیتیابھا بادشاہ کی ان تین اولادوں میں شامل تھیں جنہیں باضابطہ شاہی حیثیت حاصل تھی اور جو تخت کی جانشین بننے کی اہل سمجھی جاتی تھیں۔ شاہی محل نے اعلان کیا ہے کہ شہزادی کی شاہی اعزاز کے ساتھ آخری رسومات ادا کی جائیں گی۔

بقیہ 11

لگا۔ جمعہ کو قومی اسمبلی کا اجلاس کا اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کی زیرصدارت ہوا جس میں وزیراعظم شہباز شریف ایوان میں پہنچے تو حکومتی ارکان نے ڈیسک بجا کر ان کا استقبال کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب کو بجٹ تقریر کا کہا، جس کے بعد وزیرخزانہ نے بجٹ تقریر شروع کرتے ہوئے کہا کہ میرے لیے اعزاز کی بات ہے کہ میں اپنی حکومت کا تیسرا بجٹ پیش کر رہا ہوں۔ اپوزیشن اراکین پلے کارڈ اٹھائے ایوان میں داخل ہو گئے، اپوزیشن ارکان نے وفاقی وزیرخزانہ کی تقریر کے دوران ایوان میں شور شرابہ کیا۔ پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ ارکان نشستوں پر کھڑے ہوئے، اس دوران انہوں نے احتجاج کیا اور نعرے بازی کرتے رہے جس کے باعث ایوان مچھلی منڈی کا منظر پیش کرنے لگا تاہم وزیرخزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے اپنی تقریر مکمل کی۔

بقیہ 12

یاتریوں نے گردوارہ جنم استھان ننکانہ صاحب میں گردوارہ پٹی صاحب، بالیلا صاحب، کیارا صاحب اور تمبو صاحب کی یاترا کی۔ متروکہ وقف املاک بورڈ کی جانب سے سکھ یاتریوں کے لیے، رہائش، لنگر اور میڈیکل کی بہترین سہولیات کا انتظام کیا گیا۔ ننکانہ صاحب میں سکھ یاتریوں کے قیام کے دوران سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔ شرومنی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے رہنماؤں پاکستان میں گورو دواروں کی خوبصورتی اور دیکھ بھال پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے رہائش، لنگر اور صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات کو سراہا۔ بھارتی سکھ یاتریوں نے فول پروف سکیورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے پاکستانی حکومت سے بھرپور اظہار تشکر کیا۔ بتایا گیا ہے کہ سکھ یاتری 14 جون کو گردوارہ دربار صاحب کرتار پور کی یاترا کے لیے روانہ ہوں گے، گردوارہ دربار صاحب کرتار پور میں ایک روز قیام کے بعد 15 جون کو گردوارہ روڑی صاحب ایمن آباد کی یاترا کرتے ہوئے لاہور پہنچیں گے، گروارجن دیو جی کے شہیدی دن کی مرکزی تقریب 16 جون کو گردوارہ ڈیرہ صاحب لاہور میں منعقد ہوگی۔

بقیہ 13

لازمی قرار دے دی گئی اس حوالے سے ڈائریکٹوریٹ آف پروفیشنل ڈویلپمنٹ خیبر پختونخوا نے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایٹا کے ذریعے نئے بھرتی ہونے والے اساتذہ کے لیے آن لائن رجسٹریشن ڈیسک قائم کر دی ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ پرائمری و ایلیمنٹری کیڈر کے نئے بھرتی ہونے والے اساتذہ 15 جون تک رجسٹریشن کروائیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق نئے بھرتی اساتذہ کو فاونڈیشن کورسز کی 2 ماہ کی ٹریننگ دی جائے گی۔

بقیہ 14

کے قطرے پلانے کا ہدف 100 فیصد پورا کیا گیا جبکہ تھرڈ پارٹی اسیسمنٹ، تمام ٹیموں کی ٹریننگ، مائیکرو پلان اسیسمنٹ اور مارکیٹ سروے میں بھی کارکردگی 100 فیصد مثالی رہی۔ تمام علاقوں سے کیے گئے لاٹ کوالٹی اشورنس سیمپلنگ کے نتائج بھی 100 فیصد پاس ہوئے جبکہ ماحولیاتی نمونے بھی مکمل طور پر منفی پائے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر لاہور نے شاندار کامیابی پر سی ای او ہیلتھ اور ان کی پوری ٹیم کی محنت کو سراہتے ہوئے مبارکباد دی۔

بقیہ 15

کے نمائندوں نے شرکت کی، اجلاس میں صوبائی محتسب پنجاب لاہور ہیڈکوارٹر کے ایڈوائزر عارف انور بلوچ نے بطور خاص شرکت کی، اجلاس کے دوران ایس او ایس ویلیج گھمبراں والا، سیالکوٹ میں زیر کفالت بے سہارا اور مستحق بچوں کے داخلوں میں اضافہ کرنے اور اس حوالے سے عوامی آگاہی مہم چلانے کے لیے مختلف تجاویز اور حکمت عملی پر غور کیا گیا۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ معاشرے کے مخیر حضرات، سماجی تنظیموں، صنعتکاروں اور عوام کو اس نیک مقصد میں شامل کرنے کے لیے مشترکہ کوششیں کی جائیں گی تاکہ زیادہ سے زیادہ بے سہارا بچوں کو تعلیم، رہائش اور بہتر مستقبل کے مواقع فراہم کیے جاسکیں۔ اس موقع پر شرکاء نے ایس او ایس ویلیج کے بچوں کی فلاح و بہبود اور ان کے داخلوں کے فروغ کے لیے کیپٹن (ر) عطاء محمد خان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ شرکاء نے صوبائی محتسب پنجاب کے ہیڈکوارٹر لاہور سے خصوصی طور پر تشریف لانے والے ایڈوائزر عارف انور بلوچ کا بھی شکریہ ادا کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ ان کی رہنمائی سے اس مہم کو مزید مؤثر اور کامیاب بنایا جا سکے گا۔ اجلاس میں محمد اشفاق نذر، عبدالشکور مرزا، میاں اعجاز انجم، عرفان لطیف میر، میاں محمد اقبال عبدالشکور عابد، شکیل احمد، ڈاکٹر نورالعین، ڈائریکٹر نبیلہ امجد، عقیل احمد سمیت مختلف سماجی و فلاحی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

بقیہ 16

سے مریضوں کو مشکلات کا سامنا رہا۔ ینگ ڈاکٹرز کی جانب سے سول اسپتال میں تیزاب گردی کے واقعے کی تحقیقات کا مطالبہ کیا گیا۔

بقیہ 17

سے دوبارہ شروع کی جا رہی ہے۔ حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے پیش نظر عارضی طور پر کرایہ وصولی معطل کی گئی تھی تاہم اب سروس کو دوبارہ بحال کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 18

آلہ سے گلا کاٹ کر قتل کر دیا گیا جس کی نعش نہر سے ملنے پر تھانہ سٹی پولیس نے مقدمہ قتل درج کر لیا اور اس اندھے قتل کو ٹریس کرتے ہوئے پولیس نے مقتولہ کے شوہر اور اس کے بھائی کو گرفتار کر لیا جس میں انکشاف ہوا کہ قتل کا ملزم شوہر احسن دوسری شادی کرنا چاہتا تھا۔ ایس پی انویسٹی گیشن محمد عمران چدھڑ نے بتایا کہ 9 مئی 2026 کو مقتولہ کی تیز دھار آلہ سے گلا کاٹ کر قتل کر دیا گیا اور مقتولہ کی نعش پولیس کو نہر سے ملی جس کے فنگر پرنٹس کے ذریعے نادرا ریکارڈ سے اس کی شناخت فریال بی بی ولد محمد خان سکنہ چک 16 ایم ایل پھلروان کے نام ہوئی تو پولیس نے مقتولہ کے شوہر احسن سے پوچھ گچھ کی تو اس نے اعتراف کیا کہ اس نے اپنے بھائی فرمان کے ساتھ مل کر اپنی بیوی کو قتل کیا اور جرم چھپانے کی نیت سے نعش شہر کی نہر میں پھینک دی۔ تھانہ بھلوال سٹی پولیس نے مرکزی ملزم احسن اور اس کے بھائی فرمان کو گرفتار کیا تو وجہ قتل سامنے آئی کہ مرکزی ملزم شوہر دوسری شادی کرنا چاہتا تھا جس نے بھائی کے ساتھ مل کر اپنی بیوی کو قتل کیا اور اگلے روز کسی دوسری عورت سے نکاح کر لیا پولیس نیملزمان کی نشاندہی پر آلہ قتل برآمد کر لیا اور مصروف تفتیش ہے۔ ایس پی انویسٹی گیشن نے بتایا کہ گزشتہ پانچ برسوں میں 187 لاپتہ خواتین میں سے صرف 21 خواتین کا ٹریس ہونا باقی ہے، جس پر کام تیزی سے جاری ہے۔

بقیہ 19

صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ آزاد کشمیر ہیلی کاپٹر حادثہ پر دلی دکھ اور افسوس ہوا، حادثے میں جام شہادت نوش کرنے والوں کے اہل خانہ کے غم اور صدمے میں برابر کے شریک ہیں، پاک فوج کے جوانوں نے ہمیشہ ملک پر اپنی جانیں قربان کیں ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کے درجات کی بلندی، مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنے بہادر سپاہیوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ مشکل کی ہر گھڑی میں پاک فوج نے ملک وقوم کے تحفظ اور دفاع کے لیے بے مثال کردار ادا کیا ہے، جس پر پوری قوم انہیں خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطن عزیز کی سلامتی اور استحکام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا پوری قوم کا سرمایہ ہیں اور ان کی خدمات کو ہمیشہ عزت واحترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا۔

بقیہ 20

تمام ضروری انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کو گندم سال کے آغاز میں مقرر کی گئی سرکاری قیمت پر فراہم کی جائے گی، جس سے عوام کو ریلیف ملے گا اور آٹے کی قیمتوں میں استحکام برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کو گندم کی فراہمی وزیراعظم کی عوام دوست پالیسیوں کا عملی مظہر ہے، جس کا مقصد ملک بھر میں خوراک کی دستیابی کو یقینی بنانا اور عوامی مشکلات میں کمی لانا ہے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ وفاقی حکومت عوام کو سستی اور معیاری گندم کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے اور اس سلسلے میں تمام صوبوں کے ساتھ مکمل تعاون کیا جا رہا ہے تاکہ غذائی تحفظ کے اہداف حاصل کیے جاسکیں۔

بقیہ 21

اور کراچی بلک واٹر سپلائی کے لیے 10 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ آئندہ مالی سال دانش اسکولز کی تعمیر کے لیے 22 ارب روپے اور پرائم منسٹر نیشنل ہیلتھ پروگرام کے لیے 3 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔

بقیہ 22

دے دی۔ جمعہ کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق بل کی منظوری کے بعد پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کمپنی لمیٹڈ کی نجکاری کے عمل کی تکمیل کے لیے درکار قانونی تقاضے پورے ہوگئے ہیں۔ یہ بل سینیٹ سے 10 جون 2026 کو اور قومی اسمبلی سے 11 جون 2026 کو منظور کیا گیا تھا۔

بقیہ 23

آگاہ کر دیا گیا ہے اور باقاعدہ فیصلہ جلد متوقع ہے۔ حکومتی اعداد وشمار کے مطابق روزانہ تقریباً 8 لاکھ مسافر اس مفت سفری سہولت سے فائدہ اٹھا رہے تھے، جس کے باعث شہریوں کو آمد ورفت کے اخراجات میں نمایاں ریلیف ملا۔ یہ سہولت پنجاب حکومت نے اپریل 2026 میں عوامی ریلیف پیکج کے تحت متعارف کرائی تھی تاکہ بڑھتی مہنگائی کے دوران شہریوں کو سفری اخراجات میں سہولت فراہم کی جا سکے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مفت سفری سہولت ختم ہونے کے بعد میٹرو بس، اورنج لائن، سپیڈو اور الیکٹرک بسوں پر دوبارہ سابقہ کرایہ نامہ نافذ کر دیا جائے گا۔ دوسری جانب شہریوں کی جانب سے اس ممکنہ فیصلے پر تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے، جبکہ عوامی حلقے حکومت سے مطالبہ کر رہے ہیں کہ مہنگائی کے موجودہ حالات میں اس سہولت کو مزید کچھ عرصہ جاری رکھا جائے۔

بقیہ 24

کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 25

چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں دو رکنی بنچ 16 جون کو سماعت کرے گا، جبکہ وزیراعظم اور کابینہ کیخلاف کارروائی کا فیصلہ وفاقی حکومت نے چیلنج کر رکھا ہے۔ یاد رہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کیس میں حکم عدولی پر توہین عدالت کی کارروائی کا حکم دیا تھا۔

بقیہ 26

خزانہ کی جانب سے وفاقی بجٹ کی دستاویزات پارلیمنٹ ہاؤس پہنچائی گئیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے اندر اور باہر سیکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات کیے گئے ہیں، اسلام آباد اور پنجاب پولیس کے ساتھ ساتھ رینجرز بھی تعینات کی گئی ہے۔ دوسری جانب اپوزیشن کے احتجاج کے دوران پارلیمنٹ کے اندر احتجاج کے موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے سارجنٹ ایٹ آرمز کو الرٹ رہنے کا حکم دیا ہے۔

بقیہ 27

اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چیف آرگنائزر اگیگا رحمٰن باجوہ نے کہا کہ پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے مطالبات کی منظوری تک احتجاج ہوگا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وفاقی بجٹ میں سرکاری ملازمین مطالبات شامل کیے جائیں، 10 مارچ 2025 کے معاہدے کی تمام شقوں پر فوری عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ رحمٰن باجوہ نے مطالبہ کیا کہ تمام ایڈہاک ریلیف الاؤنسز بنیادی تنخواہ میں ضم کر کے پے اسکیل 2026 متعارف کرایا جائے، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 100 فیصد ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2026 شامل کیا جائے، 50 ہزار روپے سے کم تنخواہ لینے والے ملازمین کی تنخواہوں میں 50 فیصد اضافہ کیا جائے۔ ان کی جانب سے مطالبہ کیا گیا کہ کنوینس، میڈیکل اور ہاؤس رینٹ الاؤنسز میں 200 فیصد اضافہ کیا جائے، پنشن اصلاحات واپس لی جائیں، موجودہ پنشن نظام برقرار رکھا جائے، تنخواہوں میں تفاوت کم کرنے کیلئے مزید 30 فیصد ڈسپیریٹی ریڈکشن الاؤنس دیا جائے، ٹیچرز اور ریسرچرز کیلئے 25 فیصد ٹیکس سلیب ختم کرنے اور کٹی ہوئی رقم واپس کی جائے۔ رحمٰن باجوہ نے مطالبہ کیا کہ ڈیلی ویجز اور کنٹریکٹ ملازمین کی ریگولرائزیشن کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، دوران سروس وفات پانے والے ملازمین کے بچوں کی بھرتیاں بحال کی جائیں، نج کاری کی فہرست میں شامل اداروں کے لیے مشترکہ کمیٹیاں بنائی جائیں، سرکاری ملازمین کی ماہانہ اجرت کم از کم 50 ہزار روپے مقرر کی جائے۔

بقیہ 28

سرگودھا کے اہل اسلام اراکین نے خوش آمدید کہتے ہوئے نومسلم جوڑے کو اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا شہر میں فیکٹری ایریا کے غیر مسلم جوڑے نے اسلامی تعلیمات سے متاثر ہو کر اپنے مذہب عیسائیت کو خیرباد کہہ کر دین اسلام قبول کر لیا جن کو مسجد حامد علی شاہ میں اتحاد العلما کے ضلعی صدر قاضی نگاہ مصطفےٰ چشتی نے کلمہ طیبہ پڑھایا جن کے نام اسلامی نام محمد ارشد اور فاطمہ زہرا تجویز کیا جس پر اتحاد العلما ضلع سرگودھا کے جنرل سیکرٹری ملک ضیا الحق سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر، جوائنٹ سیکرٹری چوہدری امتیاز، جمعیت اہلحدیث سٹی کے صدر عرفان اللہ ثنائی، سٹی ناظم میاں محمد طاہر سیکرٹری مالیات شیخ سعید اختر کوہلی اور دیگر اہل اسلام اراکین نے نومسلم جوڑے کو خوش آمدید کہتے ہوئے اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا اور انہوں نے اسلامی تعلیمات سے روشناس ہو کر دین اسلام کی خدمت کا عزم کیا اور کہا کہ اسلام پکا اور سچا دین ہے، جس کی تعلیمات سے تحفظ ختم نبوت پر یقین کامل ہی ذریعہ نجات ہے۔ جوڑے نے اسلام قبول کرتے ہوئے انتہائی خوشی اور مسرت کا اظہار کیا۔

بقیہ 29

میں، یعنی 26 جون سے 5 جولائی کے درمیان ہونے کا امکان ہے۔ اس سے قبل یہ خبر سامنے آئی تھی کہ آیت اللہ خامنہ ای کی تدفین محرم الحرام کے آغاز میں ہوگی۔

بقیہ 30

میں چین کے مستقل مشن کی جانب سے ایک خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف ممالک کے اعلیٰ سطحی نمائندوں، اقوام متحدہ کے حکام اور دیگر مہمانوں سمیت تقریباً 300 افراد نے شرکت کی۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے اپنے تحریری پیغام میں کہا کہ تہذیبوں کے درمیان مکالمے کے ذریعے اتحاد و یکجہتی کو فروغ دیا جانا چاہیے اور ایک زیادہ منصفانہ اور پُرامن دنیا کی تعمیر کے لیے مشترکہ کوششیں کی جانی چاہئیں۔ تقریب کے شرکاء نے چین کی جانب سے پیش کردہ گلوبل سویلائزیشن انیشی ایٹو اور تہذیبی مکالمے کے فروغ کے لیے اس کی کاوشوں کو سراہا۔ مقررین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ مختلف تہذیبوں اور ثقافتوں کے درمیان تبادلہ خیال کے ذریعے اتفاق رائے پیدا کیا جا سکتا ہے اور مشترکہ طور پر ایک بہتر مستقبل کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ اس کے علاوہ، یونیسکو میں چین کے مستقل مشن اور یونیسکو سلک روڈ پروجیکٹ نے پیرس میں ایک خصوصی تقریب کی مشترکہ میزبانی کی۔ اس کے علاوہ، ویانا میں چین کے مستقل مشن، ویانا میں اقوام متحدہ کے دفتر اور نیدرلینڈ میں چینی سفارت خانے نے بھی بین الاقوامی عدالت انصاف کے ہیڈکوارٹرز پیس پیلس میں اس دن کی مناسبت سے خصوصی تقریبات کا انعقاد کیا۔

بقیہ 31

ہوتا ہے اور وجہ صرف اتنی ہے کہ یہ جانے اور سمجھنے کی ''علمی پیاس'' کو بجھاتی۔ طویل عرصے سے مغربی بین الاقوامی تعلقات کا نظریہ دنیا کو طاقت کے اکھاڑے میں جمع کرنے اور بین الاقوامی نظام کو تسلط کے ذریعے تبدیل کرنے کا عادی رہا ہے۔ اس کا نتیجہ کیا نکلا؟ علاقائی تنازعات کو فوجی مداخلت سے ''منظم'' کرنے کی کوشش کی گئی، اور تہذیبی اختلافات کو ''جمہوریت بمقابلہ آمریت'' کی شکل دے دی گئی۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ جتنا کنٹرول کرنے کی کوشش کی گئی، معاملات اتنے ہی بگڑتے گئے، اور جتنا تقسیم کرنے کی کوشش کی گئی، اتنا ہی تصادم بڑھتا گیا۔ ''چین کے عالمی قیادت کے خاکے'' کی اہمیت یہ ہے کہ یہ پرانے مغربی فریم ورک میں قید رہنے کے بجائے اپنی جانب سے پیش کردہ ''گلوبل سیکیورٹی انیشی ایٹو''، ''گلوبل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو'' اور ''گلوبل سولائزیشن انیشی ایٹو'' کو سنجیدگی سے لیتا ہے۔ کتاب میں اٹھائے گئے نکات جیسے ''ترقی کو ترجیح''، ''سلامتی کا غیر قابل تقسیم ہونا'' اور ''اتحاد مع اختلاف'' محض نعروں کا ڈھیر نہیں، بلکہ زیرو سم منطق سے نکلنے اور کثرالجہتی کی ازسرنو تعریف ہیں۔ جیسا کہ پیرس انسٹی ٹیوٹ آف پولیٹیکل اسٹڈیز کے اسکالرز نے کہا، یہ مغرب کو چین کی سفارتی اور حکمرانی کے نظریات کو سمجھنے کے لیے ایک نایاب دریچہ فراہم کرتا ہے۔ یہ ''چین کی تعریف'' نہیں، بلکہ اس حقیقت کا اعتراف ہے کہ مغرب کا یہ نسخہ اب اس پیچیدہ دنیا کی وضاحت کے لیے ناکافی ہے۔ زیادہ علامتی بات فرانسس فوکویاما کی ''نظرِ ثانی'' ہے۔ وہی امریکی مفکر جنہوں نے ''تاریخ کے اختتام'' کا نظریہ پیش کیا تھا، اب تسلیم کرتے ہیں کہ اگر چین اسی رفتار سے ترقی کرتا رہا تو چین کے بارے میں ان کی 40 سال پرانی پیش گوئیاں غلط ثابت ہو سکتی ہیں۔ دو ماہ قبل بھی انہوں نے کہا تھا کہ ''چینیوں نے ایک نہایت شاندار ماڈل تیار کیا ہے'' اور یہ کہ یہ ماڈل مغربی جمہوریت کا ایک حقیقی متبادل بن سکتا ہے۔ اگرچہ فوکویاما مکمل طور پر اپنی پرانی سوچ سے نہیں ہٹے اور وہ اب بھی لبرل جمہوریت کو ایک مثالی ہدف سمجھتے ہیں۔ چین کے ماڈل کے لیے 50 سال کا ''مشاہداتی وقفہ'' رکھتے ہیں، اور ان کے اندر مغربی مرکزیت کا بنیادی رنگ بدستور موجود ہے۔ مگر یہی غیر مکمل تبدیلی اس بات کی علامت ہے کہ حتیٰ کہ مغربی نظریاتی دفاع کرنے والے بھی حقیقت کے دباؤ میں چین کے ماڈل کی افادیت کو تسلیم کرنے پر مجبور ہو رہے ہیں۔ یہ کوئی انوکھی مثال نہیں۔ مشہور کتاب ''دی ورلڈ از فلیٹ'' (The World is Flat) کے مصنف تھامس فریڈمین کا کہنا تھا کہ ''چین میں مستقبل نظر آتا ہے''، جبکہ وائٹ ہاؤس کے سابق سینئر ماہر معاشیات نے تسلیم کیا کہ چینی نظام کی ''تبدیلی لانے کی فوری صلاحیت انتہائی اہم ہے''۔ مغربی دانشوروں کی اشرافیہ ایک تاخیر سے آنے والے ''آنکھیں کھول کر دنیا دیکھنے'' کے عمل سے گزر رہی ہے۔ اگر اسکالرز کی جھجک میں ہچکچاہٹ ہے، تو عوامی رائے کا رخ مزید واضح ہے۔ امریکی ادارے گیلپ کی رواں سال اپریل میں شائع ہونے والی ایک عالمی سروے رپورٹ، جس میں 130 سے زائد ممالک کے تقریباً 1.3 لاکھ افراد شامل تھے، کے مطابق چین کی عالمی قیادت کو عالمی سطح پر 36 فیصد حمایت حاصل ہے، جو پہلی بار امریکا کے 31 فیصد سے 5 فیصد پوائنٹس کی برتری حاصل کر چکی ہے۔ یہ گزشتہ 20 برسوں میں چین کی امریکا پر سب سے بڑی برتری ہے۔ یہ ''اعداد و شمار کی اتفاقی صورتحال'' نہیں، بلکہ عالمی ادراک کی ایک ساختی منتقلی ہے۔ اسی دوران، عالمی سوشل میڈیا پر ''چائنا ٹریول''، ''بیکمنگ چائنیز'' اور ''چائنا میکنگ'' جیسے ہیش ٹیگز نوجوانوں میں مقبول ہو رہے ہیں۔ جب مغربی عوام کسی دوسرے طرز زندگی کو غور سے دیکھنا اور اس سے رشک کرنا شروع کر دیں، تو سمجھ لیجیے کہ نظریاتی برف پگھل رہی ہے۔ اس سب کے پیچھے ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ دنیا اب ''ایک ہی درست جواب'' سے اکتا چکی ہے۔ چین نے کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا کہ اس کے پاس عالمگیر نسخہ موجود ہے، بلکہ اس نے ''انسانی ہم نصیب معاشرے'' کے تصور کے ذریعے مغرب کی ترقیاتی گفتگو پر اجارہ داری کو توڑا ہے۔ چینی ماڈل کا مطلب کسی کی جگہ لینا نہیں، بلکہ یہ ثابت کرنا ہے کہ جدیدیت کا مطلب مغربیت نہیں، اور حکمرانی کی افادیت مختلف نظاموں اور ثقافتی زمینوں سے بھی پیدا ہو سکتی ہے۔ یہ ''گلوبل ساؤتھ'' کے لیے ایک تاخیر سے ملنے والی فکری آزادی ہے جو طویل عرصے سے ''مغربی مرکزیت'' کی زد میں رہے ہیں۔ وہ اب بالآخر بلا جھجک اپنے راستے تلاش کر سکتے ہیں، بغیر اس احساس کمتری کے کہ انہیں مغرب جیسا ہونا ضروری ہے۔ اطالوی اسکالرز کی کتاب سے لے کر فوکویاما کے نظریاتی پیچ وتاب تک، اور گیلپ کے اعداد وشمار سے لے کر سوشل میڈیا کے ہیش ٹیگز تک، چین کے بارے میں مغرب کا دوبارہ جائزہ لینا اب کنارے سے مرکز کی طرف اور ہچکچاہٹ سے تسلیم کرنے کی جانب بڑھ رہا ہے۔ یہ ''مشرق کی طرف دیکھو'' کی کوئی رومانوی تحریک نہیں، بلکہ حقیقت پسندی پر مبنی ادراک کی تجدید ہے۔ دنیا کو نئی سلطنت نہیں چاہیے اور نہ ہی نیا عقیدہ، اسے مزید آپشنز، باہمی رواداری اور مزید تعاون کی ضرورت ہے۔ اس تناظر میں چین کوئی حتمی جواب فراہم نہیں کر رہا، بلکہ ایک امکان پیش کر رہا ہے۔ ایک غیر یقینی دور میں انسانیت مختلف راستوں کے ذریعے بھی مشترکہ مستقبل کی طرف بڑھ سکتی ہے۔

بقیہ 32

کے واقعے کے بعد منی پور میں نسلی فسادات میں مزید اضافہ ہو گیا۔ بھارتی اخبار کے مطابق واقعے کے بعد ناگا تنظیم نے ہڑتال کی کال دیتے ہوئے ڈپٹی وزیراعلیٰ منی پور کو عہدے سے ہٹانے کا مطالبہ کر دیا، فروری سے جاری فسادات میں تقریباً اب تک 260 افراد ہلاک اور 60 ہزار سے زائد لوگ بے گھر ہو چکے ہیں۔ ماہرین کے مطابق منی پور میں مہینوں سے جاری فسادات نے مودی کی نااہلی اور حکومت کی انتظامی گرفت پر سنگین سوالات کھڑے کر دیے ہیں، منی پور قابض بھارت کے ہاتھ سے نکل چکا ہے، آزادی کی تحریکوں کیساتھ ساتھ خانہ جنگی کی صورتحال بھی برقرار ہے۔

بقیہ 33

بی بی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا، مقدمہ میں شعیب، عبیداللہ، مبین اور عثمان کو نامزد کیا گیا ہے، پولیس تاحال اجتماعی زیادتی کے ملزمان کو گرفتار نہیں کر سکی۔

بقیہ 34

شرکت کریں گے۔ ایک بیان میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ امن معاہدے میں پاکستان بہترین کردار ادا کر رہا ہے، وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل عظیم شخصیت ہیں، معاہدے پر سب خوش ہیں، پورا مشرق وسطیٰ بھی اس پر خوش ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز کی بحری ناکہ بندی ڈیل کو حتمی شکل دینے تک پوری قوت سے جاری رہے گی، ایران کے ساتھ بات چیت کو ایرانی قیادت کی اعلیٰ ترین سطح تک لایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات اور حتمی نکات تمام فریقوں کی طرف سے منظور کیے گئے ہیں، ان فریقین میں امریکا، اسرائیل، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، پاکستان، قطر، ترکیے اور دیگر شامل ہیں۔ علاوہ ازیں قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد الثانی اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا، جس میں ایران سے مشاورت میں پیشرفت پر بات چیت ہوئی۔ ادھر امریکی صدر ٹرمپ کے معاہدے کے حتمی نکات منظور ہونے کے دعوے پر ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی کا کہنا ہے کہ ابھی تک کسی معاہدے کو حتمی شکل نہیں دی گئی۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ امریکی اقدامات سفارتی عمل کو متاثر کر رہے ہیں۔ قطر اور پاکستان ثالثی کے عمل میں فعال کردار ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ 35

سرکاری قیمت 9 ہزار روپے فی ہزار اینٹ مقرر ہونے کے باوجود ضلع بھر میں بھٹہ مالکان مبینہ طور پر کھلے عام 18 ہزار سے 22 ہزار روپے فی ہزار اینٹ فروخت کر رہے ہیں، جو نہ صرف حکومتی احکامات کی سنگین خلاف ورزی ہے بلکہ عوامی استحصال کی بدترین مثال بھی بن چکی ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اینٹوں کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے نے عام شہریوں کے لیے گھر کی تعمیر ایک خواب بنادی ہے۔

بقیہ 36

کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ ڈی جی ایکسائز محمد زمان نے بتایا کہ گزشتہ دنوں پاک بحریہ کے تعاون سے 425 کلوگرام آئس، 20 کلوگرام چرس اور 5 ہزار 76 بوتلیں غیر ملکی شراب وبیئر برآمد کی گئی تھیں جن کی مجموعی مالیت تقریباً 31 ارب روپے بتائی جاتی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ گزشتہ تین ماہ کے دوران 25 ارب روپے مالیت کی منشیات اور 10 ہزار سے زائد شراب وبیئر کی بوتلیں قبضے میں لے کر بین الاقوامی اسمگلنگ نیٹ ورکس کو بھاری مالی نقصان پہنچایا گیا ہے۔

بقیہ 37

ن اسسٹنٹ کمشنر نے فلور ملز میں موجود گندم کے ذخائر اسٹاک کا تفصیلی جائزہ لیا اور ملز انتظامیہ سے دستیاب گندم، آٹے کی پیداوار اور سپلائی کی صورتحال کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر گندم کے ریکارڈ اور اسٹاک رجسٹرز کی بھی جانچ پڑتال کی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر شاہ رُخ نے ہدایت کی کہ عوام کو آٹے کی مسلسل اور بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے گندم کے ذخائر کا درست ریکارڈ برقرار رکھا جائے اور حکومتی پالیسیوں پر مکمل عملدرآمد کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مفاد کے تحفظ اور اشیائے خورونوش کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے انہوں نے مزید کہا کہ فلور ملز کی نگرانی کا عمل جاری رہے گا تاکہ گندم اور آٹے کی وافر دستیابی برقرار رہے اور ذخیرہ اندوزی یا مصنوعی قلت پیدا کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

بقیہ 38

چکوال میں کارروائی کے دوران ملزمان اور سی ڈی ٹیم کا آمنا سامنا ہوا۔ ملزمان نے گرفتاری سے بچنے کیلئے فائرنگ کی، جس پر سی ڈی ٹی کی جانب سے جوابی کارروائی کی گئی، فائرنگ کے تبادلے میں دونوں مطلوب ڈاکو ہلاک ہو گئے۔

بقیہ 39

بارے ڈاکٹرز سے اپ ڈیٹس لیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے جوانمردی سے فتنہ الخوارج کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا، آپ قوم کے ہیرو ہیں، ہم سب کو آپ پر فخر ہے، آپ جیسے بہادر سپوتوں کے ہوتے ہوئے دشمن کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہو سکتی۔ خیبر پختونخوا حکومت کے چیف سیکرٹری شہاب علی، آئی جی ایف سی نذیر احمد گاڑا بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 40

ہمارا فخر ہیں'' کے نعرے بھی لگائے گئے۔ شرکاء نے شہید کرنل امجد لطیف کی قربانی کو قوم کے لیے مشعل راہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ شہداء کی قربانیاں وطن کے دفاع اور سلامتی کی ضمانت ہیں۔ اپنے بہادر سپوت کی عظیم قربانی پر شہر بھر کی آنکھیں اشکبار رہیں۔ اس کے علاوہ فورٹ عباس میں مظفر آباد ہیلی کاپٹر حادثے میں فورٹ عباس کے جوان شہید محمد ارسلان کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔

بقیہ 41

کے حوالے کر دیا گیا۔ تھانہ مری میں موٹر وے پولیس کی مدعیت میں ڈرائیور کے خلاف مقدمہ بھی درج کر لیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ مری ایکسپریس وے پر پیش آنے والے المناک ٹریفک حادثے میں ملتان کے 1 ہی خاندان کے 10 افراد جاں بحق ہو گئے تھے۔ کچوٹ مین پی ٹی ڈی سی ٹورسٹ اسپاٹ کے قریب وین بے قابو ہو کر حفاظتی دیوار سے جاٹکرائی تھی اور فیول ٹینک پھٹنے سے گاڑی میں آگ لگ گئی تھی۔

بقیہ 42

کے مرکزی سیکرٹری ندیم افضل چن نے بھی پیپلز پارٹی کے بجٹ اجلاس کے بائیکاٹ کے فیصلے کی خبر کو غلط قرار دیا تھا۔

بقیہ 43

area پر مشتمل ہوگا اور اس میں لگژری رہائشی ٹاورز، ولاز، محلات، کمرشل دفاتر، ریٹیل مقامات، ہوٹلز، شہری وثقافتی سہولیات اور کمیونٹی انفراسٹرکچر شامل ہوگا۔ منصوبے کو تقریباً ایک لاکھ 50 ہزار رہائشیوں کیلئے ڈیزائن کیا جا رہا ہے، جبکہ اسے ایک self-contained city within a city کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس ماسٹر پلان میں پانچ مختلف زونز شامل ہوں گے، جن میں بزنس حب، اربن ڈسٹرکٹ، نوجوان خاندانوں کیلئے کمیونٹی، فیملی لونگ زون اور خصوصی لگژری والا ایریا شامل ہیں، منصوبے میں سکولز، ہیلتھ کیئر سہولیات، مساجد، پارکس، ریٹیل مراکز، سمارٹ ٹیکنالوجی، sustainable transport options اور ممکنہ میٹرو کنیکٹیویٹی کو بھی شامل کیا جائے گا۔ ایمار کے بانی محمد العبار نے کہا کہ کمپنی ہمیشہ اس یقین کے ساتھ کام کرتی رہی ہے کہ عظیم شہر پتھروں سے نہیں بلکہ خوابوں سے بنتے ہیں، اور یہ منصوبہ کمپنی کا اب تک کا سب سے ambitious dream ہے، منصوبے کا حتمی مقام، مکمل ٹائم لائن، phasing structure اور فنانسنگ کی مزید تفصیلات ابھی باضابطہ طور پر سامنے نہیں آئیں۔

بقیہ 44

چاروں اضلاع راولپنڈی، اٹک، جہلم اور چکوال سے تعلق رکھنے والے باصلاحیت کھلاڑیوں نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے اپنی فنی مہارت، جسمانی فٹنس اور کھیل سے وابستگی کا شاندار مظاہرہ کیا۔ ٹرائلز میں مختلف کالجز، یونیورسٹیوں اور دیگر تعلیمی اداروں کے نوجوان کھلاڑیوں کی بڑی تعداد نے حصہ لیا۔ مقابلوں کے دوران کھلاڑیوں کے درمیان سخت مقابلہ دیکھنے میں آیا جبکہ نوجوانوں کے جوش وخروش اور اعلیٰ کارکردگی نے ایونٹ کو نہایت دلچسپ اور معیاری بنا دیا۔ سلیکشن کمیٹی نے پاکستان کبڈی فیڈریشن کے مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق کھلاڑیوں کی صلاحیتوں کا جائزہ لیتے ہوئے میرٹ کی بنیاد پر بہترین کھلاڑیوں کا انتخاب کیا، جو آئندہ سی ایم پنجاب کبڈی چیمپئن شپ میں راولپنڈی ڈویژن کی نمائندگی کریں گے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور گوریا مہمان خصوصی تھے۔ تقریب میں ڈویژنل سپورٹس آفیسر چوہدری وحید احمد، ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر شمس توحید عباسی، تحصیل سپورٹس آفیسر مظہر شیر، پنجاب کبڈی ایسوسی ایشن کے فنانس سیکرٹری راجا ممتاز، صوبائی کوچ شفقت اللہ خان نیازی اور محکمہ کھیل کے دیگر افسران واہلکار بھی موجود تھے۔ مہمانان خصوصی نے ٹرائلز کے دوران کھلاڑیوں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ کبڈی پاکستان کا روایتی اور مقبول کھیل ہے جس کے فروغ کے لیے حکومت پنجاب عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے مقابلے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرتے ہیں، جس سے صحت مند معاشرے کی تشکیل میں مدد ملتی ہے۔ ڈویژنل سپورٹس آفیسر چوہدری وحید احمد نے اس موقع پر کہا کہ محکمہ کھیل پنجاب نوجوان ٹیلنٹ کو سامنے لانے اور کھیلوں کے فروغ کے لیے صوبہ بھر میں مختلف کھیلوں کے مقابلے اور ٹرائلز کا انعقاد کر رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ راولپنڈی ڈویژن کے کھلاڑیوں نے ٹرائلز میں غیر معمولی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے اور امید ہے کہ منتخب ٹیم سی ایم پنجاب کبڈی چیمپئن شپ میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرے گی۔ ٹرائلز خوش اسلوبی، شفافیت اور منظم انداز میں مکمل ہوئے جبکہ شرکاء اور کھیلوں سے وابستہ حلقوں نے محکمہ کھیل پنجاب کی جانب سے نوجوانوں کے لیے کھیلوں کے مواقع بڑھانے اور روایتی کھیلوں کے فروغ کے اقدامات کو سراہا۔

بقیہ 45

، ڈیجیٹلائزیشن سے اسمبلی کارروائی مزید موثر، شفاف اور تیز رفتار ہوگی۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ پیپر لیس اسمبلی سے سالانہ کروڑوں روپے کی بچت ممکن ہوگی، کاغذ کے استعمال میں نمایاں کمی سے ماحولیاتی تحفظ میں مدد ملے گی، گرین پارلیمنٹ کا وژن پنجاب اسمبلی میں عملی شکل اختیار کر رہا ہے۔

بقیہ 46

فراد کو ان کے ساتھ کسی بھی قسم کے لین دین، تعاون یا دیگر سرگرمیوں میں ملوث ہونے سے بھی منع کیا گیا ہے۔

بقیہ 47

عرب ٹی وی کے مطابق اس ٹرین نے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان حجاج کرام کی آمد ورفت کی روانی کو بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا، جو جدہ کے مرکزی سٹیشن، شاہ عبدالعزیز انٹرنیشنل ایئرپورٹ سٹیشن اور کنگ عبداللہ اکنامک سٹی سٹیشن سے گزرتی ہے۔ اس سے ٹرین کے روٹ سے جڑے اہم مقامات کے درمیان نقل وحرکت میں بڑی سہولت پیدا ہوئی۔

بقیہ 48

اے ایف بیس میانوالی میں تعینات پاکستان رینجرز کے افسران اور جوانوں نے بھی شرکت کی، بعد ازاں ان کے جسد خاکی کو پورے فوجی اعزاز کیساتھ اپنے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

بقیہ 49

ایران کی جانب سے خلیجی ممالک پر براہ راست حملے کا خطرہ بڑھ جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران امریکہ کے ساتھ ساتھ خطے میں موجود امریکی اتحادیوں کو نشانہ بنا سکتا ہے، خارگ جزیرہ ایران کا انتہائی اہم توانائی مرکز ہے، جو ملک کی تیل برآمدات کا بڑا حصہ سنبھالتا ہے۔

بقیہ 50

کے مطابق سول حکومت پر اخراجات کا تخمینہ 1071 ارب روپے خرچ کرنے کا تخمینہ ہے جبکہ ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کے لیے 430 ارب روپے مختص کرنے کا تخمینہ ہے، مجموعی طور پر جاری اخراجات 17 ہزار 495 ارب روپے مختص کرنے کا تخمینہ ہے۔ بجٹ دستاویز کے مطابق وفاقی ترقیاتی بجٹ کا حجم 1050 ارب ہوگا جبکہ ایف بی آر کا ٹیکس وصولی کا ہدف 15 ہزار 264 ارب روپے رہنے کا تخمینہ ہے۔

بقیہ 51

ئل ہی بلدیاتی انتخابات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سے پہلے بھی پنجاب میں اور اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کیا گیا امیدواروں نے بھاری بھاری فیسیں جمع کرائیں بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں کیں لیکن عین وقت پر حکومت بلدیاتی انتخابات کرانے سے مکر گئی جس سے عوام میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اسلام آباد میں بھی فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کرائے اور پنجاب میں بھی یہ عوام کا بنیادی حق ہے جو ان سے نہ چھینا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت اس مرتبہ بھی اپنے بلدیاتی انتخابات کرانے کے اعلان اور وعدے سے پیچھے ہٹی تو ہم عوام کے پاس جائیں گے اور ان کے فیصلے کے ساتھ ہوں گے۔

بقیہ 52

اجلاس میں بچوں اور نوعمر افراد کی ذہنی صحت کے فروغ، باہمی تعاون کے استحکام اور پاکستان و یونیسیف کے درمیان جاری شراکت داری کے تحت ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ فریقین نے نوزائیدہ اور کم عمر بچوں کی اموات میں کمی، کمیونٹی ہیلتھ سسٹم کی مضبوطی اور ذہنی صحت کی خدمات کی توسیع سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ یونیسیف حکام نے پاکستان میں بچوں اور نوعمر افراد کی ذہنی صحت سے متعلق ایک جامع قومی پالیسی اور ایکشن پلان کی مشترکہ تیاری کی حمایت کا اظہار کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر مختار بھرتھ نے کہا کہ حکومت پاکستان یونیسیف کے تعاون سے اسکولوں کے ذریعے ذہنی صحت کی خدمات کو مرحلہ وار اور موثر انداز میں وسعت دے گی جبکہ اس مقصد کے حصول کے لیے بین الوزارتی ہم آہنگی کو بھی مزید مضبوط بنایا جائے گا۔ وزیر مملکت نے پنجاب حکومت کے کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹر پروگرام میں ذہنی صحت کے انضمام کے امکانات پر بھی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے کمیونٹی سطح پر آگاہی، خاندانی معاونت اور ذہنی صحت کے مسائل کی ابتدائی تشخیص کے نظام کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ اجلاس کے دوران عوامی آگاہی مہمات، موسمیاتی تبدیلی اور ذہنی صحت کے باہمی تعلق پر بھی خصوصی گفتگو ہوئی۔ پاکستان نے شرکا کو نیشنل ٹیکنیکل ایڈوائزری گروپ کے تحت جاری اقدامات سے آگاہ کیا اور یونیسیف کو مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ اور موسمیاتی لحاظ سے مضبوط ذہنی صحت کے نظام کی تشکیل میں تعاون کی دعوت دی۔ پاکستانی وفد نے قومی ذہنی صحت پالیسی کی تیاری اور نیشنل ہب آف ایکسی لینس فار مینٹل ہیلتھ کے قیام کے حوالے سے ہونے والی پیش رفت سے بھی آگاہ کیا۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ یونیسیف اور حکومت پاکستان یکم تا 2 اکتوبر 2026 کو اسلام آباد میں عالمی یوم ذہنی صحت کے حوالے سے ایک اہم بین الاقوامی اجتماع کے انعقاد میں شراکت دار ہوں گے۔ ڈاکٹر مختار بھرتھ نے کہا کہ بچوں اور نوعمر افراد کی ذہنی صحت، موسمیاتی تبدیلی کے ذہنی اثرات، اسکول مینٹل ہیلتھ پروگرامز، ڈیٹا سسٹمز اور نیشنل ہب آف ایکسی لینس جیسے شعبوں میں یونیسیف کا تعاون نہایت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں منعقد ہونے والا یہ عالمی اجتماع پاکستان کو 2028 میں گلوبل مینٹل ہیلتھ منسٹریل سمٹ کی میزبانی کے ہدف کے مزید قریب لے جانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ یونیسیف کے اعلیٰ حکام نے پاکستان کے ساتھ ادارے کی دیرینہ شراکت داری کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان عالمی سطح پر ایک اہم ملک ہے اور یہ امر حوصلہ افزا ہے کہ ملک ذہنی صحت کو قومی ترجیحات میں شامل کر رہا ہے۔

☆☆☆

بلدیاتی انتخابات میں مزید تاخیر ناقابل قبول، خاقان و حید خواجہ

اسلام آباد اور پنجاب میں فوری بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں، مطالبہ

بلدیاتی انتخابات نہ ہوئے تو عوامی فیصلے کے ساتھ کھڑے ہوں گے، خاقان وحید خواجہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول فاؤنڈیشن اور راول جنرل ہاسپٹل کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کرانے کی بازگشت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اسلام آباد میں بھی فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں۔ اخبارنویسوں کے ایک گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے چیئرمین پاکستان عوامی قوت خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ ہماری پارٹی حقیقی معنوں میں اقتدار کو بلدیات کی سطح پر منتقل کرنے کی حامی ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ عوام کے مسا (بقیہ نمبر 5 1)

ڈاکٹر مختار بھرتھ کی یونیسیف ہیڈکوارٹر میں ایک اعلیٰ سطحی سٹریٹیجک اجلاس میں شرکت

یونیسیف حکام کا بچوں اور نوعمر افراد کی ذہنی صحت سے متعلق ایک جامع قومی پالیسی اور ایکشن

اسلام آباد (یواین پی) وزیر مملکت برائے صحت ڈاکٹر مختار بھرتھ نے نیویارک میں واقع یونیسیف ہیڈکوارٹر میں ایک اعلیٰ سطحی سٹریٹیجک اجلاس میں شرکت کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر عثمان ہمدانی، بانی ڈائریکٹر گلوبل اسٹی ٹیوٹ آف ہیومن ڈویلپمنٹ، بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ وزارت صحت کی جانب سے جاری بیان کے مطابق (بقیہ نمبر 2 5)

مقامی مارکیٹ میں ایک خاتون گاہک ریڑھی والے سے موسمی پھل 'فالسہ' خرید رہی ہے۔

منی پور میں کشیدگی کی نئی لہر، مودی سرکار حالات پر قابو پانے میں ناکام

لاشیں ملنے کے واقعے کے بعد منی پور میں نسلی فسادات میں مزید اضافہ ہوگیا، بھارتی جریدہ

نئی دہلی (یواین پی) مودی کی نااہلی کے باعث منی پور میں فسادات روزانہ ایک نیا اور خطرناک رخ اختیار کررہے ہیں۔ بھارتی جریدہ منی پور میں عام شہریوں کے قتل عام کے واقعات کو سامنے لے آیا، منی پور میں ایک ماہ قبل مسلح گروہ کے ہاتھوں اغوا ہونے والے ناگا قبیلے سے تعلق رکھنے والے 6 افراد کی لاشیں برآمد ہوگئیں۔ لاشیں ملنے (بقیہ نمبر 2 1)

ایران سے معاہدہ متوقع، دستخط یورپ میں ہونے کا امکان ہے، ٹرمپ

ابھی تک کسی معاہدے کو حتمی شکل نہیں دی گئی، ایرانی وزارت خارجہ کا ٹرمپ کے دعوے پر ردعمل

تہران/واشنگٹن (یواین پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دھمکی کے بعد حملہ روکنے، معاہدہ کرنے کا اعلان کردیا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ایران کے ساتھ معاہدے پر اس ہفتے دستخط متوقع ہیں، معاہدے کی دستاویزات آخری مرحلے میں ہے، دستخط کی تقریب یورپ میں ہونے کا امکان ہے، جے ڈی وینس (بقیہ نمبر 3 4)

اسلام آباد: وفاقی دارالحکومت میں غروب آفتاب کے دوران شاہ فیصل مسجد کا ایک دلکش منظر۔

ایم کیو ایم کے ایک وفد نے پاکستان کے وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔

سی ایم پنجاب کبڈی چیمپئن شپ 2026 کے ڈویژنل ٹرائلز گوجرخان میں کامیابی سے مکمل

راولپنڈی ڈویژن کی ٹیم کے لیے باصلاحیت کھلاڑیوں کا انتخاب

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) حکومت پنجاب کے وژن "کھیلتا پنجاب، بڑھتا پنجاب" کے تحت سی ایم پنجاب کبڈی چیمپئن شپ 2026 کے سلسلے میں راولپنڈی ڈویژن کی ٹیم کے انتخاب کے لیے ڈویژنل سطح کے ٹرائلز سوار محمد حسین شہید نشانِ حیدر کرکٹ اسٹیڈیم گوجرخان میں کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئے۔ ٹرائلز میں راولپنڈی ڈویژن کے (بقیہ نمبر 4 4)

شازیہ رضوان کی اکرام کوحج کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد

حجِ بیت اللہ کی سعادت اللہ تعالیٰ کا خاص انعام ہے، شازیہ رضوان

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات وثقافت پنجاب شازیہ رضوان نے اکرام بھائی کے گھر جا کر انہیں فریضِ حج کی سعادت حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر شازیہ رضوان نے کہا کہ حجِ بیت اللہ کی سعادت اللہ تعالیٰ کا خاص انعام ہے اور حجاج کرام پوری امتِ مسلمہ کے لیے باعثِ فخر ہوتے ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اکرام بھائی کی عبادات، دعاؤں اور حج کو اپنی بارگاہ میں شر (بقیہ نمبر 4 3)

بہاولپور: وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران وائس چانسلر ایمرسن یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر حسان خالق قریشی کو یونیورسٹی کی صد سالہ تقریبات کی شیلڈ دے رہے ہیں

اقوام متحدہ میں تہذیبوں کے درمیان مکالمے کے عالمی دن پر خصوصی تقریبات کا انعقاد

اقوام متحدہ (یواین پی) جون 2024 میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے چین کی پیش کردہ قرارداد متفقہ طور پر منظور کرتے ہوئے ہر سال 10 جون کو "تہذیبوں کے درمیان مکالمے کے عالمی دن" کے طور پر منانے کا فیصلہ کیا تھا۔ رواں سال اسی مناسبت سے دوسرا عالمی دن منایا گیا۔ اس موقع پر نیویارک میں اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹرز (بقیہ نمبر 3 0)

فلٹر ہٹایا جا رہا ہے: چین کے بارے میں مغربی تصور کی تاریخی اور عقلی تشکیل

بیجنگ (یواین پی) اطالوی اسکالرز کی ایک مشترکہ کتاب "چین کا عالمی قیادت کا خاکہ" یورپی علمی حلقوں میں موضوع بحث بنا ہوا ہے۔ یہ کوئی سیاسی پمفلٹ یا تشہیری مواد نہیں، بلکہ ایک ایسا علمی کام ہے جو چین کے عالمی نظم ونسق کے نظریات کو جامع طور پر سمجھنے اور مغربی نظریاتی مشکلات کو از سر نو سمجھنے کی کوشش ہے۔ ٹرینٹو یونیورسٹی اور پیرس انسٹی ٹیوٹ آف پولیٹیکل اسٹڈیز سمیت دیگر اداروں کے سیمینارز میں اس کا بارہا ذکر (بقیہ نمبر 3 1)

قصور، 17 سالہ لڑکی کو مبینہ اغوا کے بعد اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنا دیا گیا

قصور (یواین پی) تھانہ کھڈیاں خاص کے علاقہ صدیقیہ کالونی میں 17 سالہ لڑکی کو مبینہ اغوا کے بعد اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنا دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق متاثرہ لڑکی کو شعیب نامی ملزم سمیت 4 اوباشوں نے اغوا کیا، اغوا کے بعد لڑکی کو ایک گھر میں لے جا کر اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا گیا۔ تھانہ کھڈیاں خاص پولیس نے لڑکی کی والدہ صفیہ (بقیہ نمبر 3 3)

بجٹ اجلاس کے بائیکاٹ کا معاملہ

محسن نقوی پیپلز پارٹی کے بلاول بھٹو کو منانے میں کامیاب رہے

اسلام آباد (یواین پی) وزیر داخلہ محسن نقوی چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کو منانے میں کامیاب رہے جس کے بعد محسن نقوی بلاول بھٹو کو لیکر ایوان میں پہنچے۔ وزیر داخلہ سے قبل وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے بھی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ بھی اسحاق ڈار کے ہمراہ تھے۔ اس سے قبل پیپلز پارٹی کے میڈیا سیل کی جانب سے کہا گیا تھا پاکستان پیپلز پارٹی نے بجٹ اجلاس کے بائیکاٹ کا فیصلہ نہیں کیا، پی پی کے کچھ اراکین بجٹ اجلاس میں شریک ہوں گے تاہم چیئرمین بلاول بھٹو زرداری بجٹ اجلاس میں شریک نہ ہونے کا بتایا گیا۔ پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 4 2)

مری ٹریفک حادثے کا مفرور ڈرائیور گرفتار

مفرور ڈرائیور کو خفیہ اطلاع پر پمز ہسپتال سے گرفتار کیا گیا، ترجمان موٹروے پولیس

مری (یواین پی) مری میں ہونے والے المناک ٹریفک حادثے کے مفرور ڈرائیور کو موٹروے پولیس نے گرفتار کرلیا۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق مفرور ڈرائیور کو خفیہ اطلاع پر پمز ہسپتال سے گرفتار کیا گیا، جس کے بعد اسے مری پولیس کے حوالے کردیا گیا۔ تھانہ مری میں موٹروے پولیس کی مدعیت میں ڈرائیور کے خلاف مقدمہ بھی درج کرلیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ مری ایکسپریس وے پر پیش آنے والے المناک ٹریفک حادثے میں ملتان (بقیہ نمبر 4 1)

خیام چوک پر ایک شخص موٹر سائیکل کی پچھلی نشست پر خطرناک انداز میں روم کولر پکڑے ہوئے اپنی منزل کی طرف جارہا ہے

مظفرآباد ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید کرنل امجد لطیف کی گوجرانوالہ میں نماز جنازہ ادا، رقت آمیز مناظر

نماز جنازہ کے موقع پر "پاکستان زندہ باد" اور "شہداء ہمارا فخر ہیں" کے نعرے بھی لگائے گئے

گوجرانوالہ (یواین پی) گوجرانوالہ میں مظفرآباد ہیلی کاپٹر حادثے میں شہید ہونے والے کرنل امجد لطیف کی نماز جنازہ ادا کردی گئی۔ نماز جنازہ میں شہریوں، سیاسی و سماجی شخصیات اور فوجی افسران کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شہید کرنل امجد لطیف کو فوجی اعزاز کے ساتھ سپرد خاک کیا گیا، جبکہ فوجی دستوں نے انہیں سلامی پیش کی۔ اس موقع پر رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے۔ شرکاء نے شہید کے درجات بلندی اور وطن کی سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں کیں۔ وطن کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کرنے والے سپوت کو بھرپور خراجِ عقیدت پیش کیا گیا، جبکہ نماز جنازہ کے موقع پر "پاکستان زندہ باد" اور "شہداء (بقیہ نمبر 4 0)

اسسٹنٹ کمشنر کشمور شاہ رخ کا مختلف فلور ملز کا دورہ، گندم کے ذخائر کا جائزہ

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کشمور: چیف سیکریٹری سندھ کی گزشتہ ہفتے منعقدہ اجلاس میں جاری کردہ ہدایات اور ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھکوٹ آغا شیر زمان کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر کشمور شاہ رخ نے کشمور کے مختلف فلور ملز کا دورہ کیا۔ دورے کے دورا (بقیہ نمبر 3 7)

حسن وقار چیمہ کی زیر صدارت محرم الحرام کے انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس

تمام تیاریاں قبل از وقت مکمل کرنے کی ہدایت

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر حسن وقار چیمہ کی زیر صدارت محرم الحرام کے انتظامات کے حوالے سے لائسنس ہولڈرز اور لائیڈ محکموں کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کیپٹن (ر) شہریار شیرازی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملیحہ سحر، تمام اسسٹنٹ کمشنرز، پولیس اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران سمیت لائسنس ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران متعلقہ اسسٹنٹ کمشنرز نے مجالس اور ماتمی جلو (بقیہ نمبر 3 6)

لاہور: پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل کو ایم ایس جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین، انتظامی ڈاکٹرز کے ہمراہ پھولوں کا گلدستہ پیش کررہے ہیں۔

لیٹس ایم سمبلی سے سالانہ کروڑوں روپے کی بچت ممکن ہوگی، سپیکر پنجاب اسمبلی

ارکان اسمبلی کو قانون سازی سے متعلق تمام دستاویزات ڈیجیٹل انداز میں فراہم کی جائیں گی

ڈیجیٹل اسمبلی وقت، وسائل اور سرکاری اخراجات میں کمی کا باعث بنے گی، ارکان اسمبلی کی رسائی اور سہولت میں اضافہ ہوگا

لاہور (این ای این) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے اسمبلی ہال کا دورہ کر کے نصب جدید ٹیبلیٹس کا جائزہ لیا۔ 380 ٹیبلٹس یورپین یونین کے آئی پی 5 پروگرام کے تحت پنجاب اسمبلی کو فراہم کیے گئے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پنجاب اسمبلی آنے والا اجلاس پیپر لیس ماحول میں منعقد ہوگا۔ ارکان اسمبلی کو قانون سازی سے متعلق تمام دستاویزات ڈیجیٹل انداز میں فراہم کی جائیں گی (بقیہ نمبر 4 5)

ہٹیاں بالا: وادی لیپہ کے گاؤں سید پورہ میں بچے لکڑی کا پل کراس کررہے ہیں۔

چین کا فلپائنی وزیر دفاع پر پابندیاں عائد کرنے کا اعلان

بیجنگ (یواین پی) فلپائن کے وزیر دفاع گلبرٹو ٹیوڈورو نے متعدد مواقع پر چین کے خلاف بے بنیاد بیانات دیے، جس سے چین کے جائز مفادات اور چین فلپائن تعلقات کو نقصان پہنچا ہے۔ قومی خودمختاری، سلامتی اور ترقیاتی مفادات کے تحفظ کے لیے چین نے گلبرٹو اور اس کے اہل خانہ کے لئے چائنیز مین لینڈ، ہانگ کانگ اور مکاؤ میں داخلے پر پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کے علاوہ چین کے اندر موجود تمام اداروں اور ا (بقیہ نمبر 4 6)

حرمین ایکسپریس ٹرین کے ذریعے حج سنہ 1447ھ کے دوران 11 لاکھ 60 ہزار

ریاض (یواین پی) سعودی ریلوے لمیٹڈ سارنے حج سنہ 1447ھ کے سیزن کے لیے حرمین ایکسپریس ٹرین کے آپریشنل پلان کی کامیابی کا اعلان کیا ہے، جس کے تحت 5,569 سفروں کے ذریعے 11 لاکھ 60 ہزار سے زائد مسافروں کو منتقل کیا گیا۔ یہ اس سیزن کے دوران اللہ کے مہمانوں کی خدمت کے لیے ٹرین کے اب تک کے سب سے بڑے آپریشنز میں سے ایک ہے۔ (بقیہ نمبر 4 7)

خارگ جزیرے پر قبضے کی امریکی کوشش سے پورے خطے کی سلامتی متاثر ہونے کا خدشہ

خارگ جزیرہ ایران کا انتہائی اہم توانائی مرکز ہے

تہران (یواین پی) امریکہ کی جانب سے ایران کے خارگ جزیرے پر قبضے کی کوشش پر پورے خلیجی خطے کی سلامتی متاثر ہونے کا خدشہ ظاہر کر دیا گیا۔ گلف انٹرنیشنل فورم کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر دانیہ ظفر کے مطابق اگر امریکی انتظامیہ واقعی خارگ جزیرے پر قبضے کی پالیسی اپناتی ہے تو یہ پورے خطے کیلئے بہت بڑا مسئلہ بن جائے گا، اس سے (بقیہ نمبر 4 9)

رواں مالی سال میں لارج اسکیل مینوفیکچرنگ کی شرح نمو 6.1 فیصد رہی

ہماری معیشت کا حجم 452 ارب ڈالر تک پہنچ چکا ہے جو کہ نیا سنگ میل ہے؛ وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب

شہر کے نکاسی آب اور صفائی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے لیے ترقیاتی کام جاری ہیں، جس کے دوران مزدور اپنی جائے کار پر سیمنٹ کے سیوریج پائپ تیار کرنے میں مصروف ہیں۔

اسلام آباد (یواین پی) رواں مالی سال میں لارج اسکیل مینوفیکچرنگ کی شرح نمو 6.1 فیصد رہی، خدمات شعبے میں 4.1 فیصد شرح نمو سامنے آئی۔ بجٹ تقریر کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے کہا کہ ہماری معیشت کا حجم 452 ارب ڈالر تک پہنچ چکا ہے جو کہ نیا سنگ میل ہے جبکہ فی کس آمدنی 1751 ڈالر سے بڑھ کر 1901 ڈالر ہوگئی۔ بجٹ دستاویز کے مطابق وفاقی بجٹ کا مجموعی حجم 18 ہزار 771 ارب روپے ہوگا، سود کی ادائیگی پر 8 ہزار 54 ارب روپے مختص کرنے، پنشن پر مجموعی طور پر 1169 ارب روپے خرچ کرنے کا تخمینہ ہے جس میں ملٹری پنشن پر 822 ارب روپے خرچ کرنے جبکہ سول پنشن پر 272 ارب روپے خرچ کرنے کا تخمینہ ہے، دفاع کے لیے 3 ہزار ارب روپے مختص کرنے کا تخمینہ ہے جبکہ سبسڈی کی مد میں 1091 ارب روپے مختص کرنے کا تخمینہ ہے۔ بجٹ دستاویز (بقیہ نمبر 5 0)

بھٹہ مافیا بے قابو، مہنگی اینٹوں نے غریب کا گھر بنانا خواب بنا دیا

اینٹوں کی قیمتیں آسمان پر، بھٹہ مالکان کی من مانی عروج پر

سرکاری ریٹ 9 ہزار، فروخت 22 ہزار میں، ضلعی انتظامیہ خاموش تماشائی

ننکانہ صاحب (این ای این) ضلع ننکانہ صاحب بھر میں بھٹہ مالکان کی بے لگام من مانی اور اینٹوں کی قیمتوں میں غیر قانونی اضافے نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ اینٹوں کے نرخ آسمان سے باتیں کرنے لگے ہیں جس کے باعث تعمیراتی سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں جبکہ غریب اور متوسط طبقہ مہنگائی کے بوجھ تلے بری طرح دب چکا ہے۔ تفصیلات کے مطابق حکومتِ پنجاب کی جانب سے اینٹوں کی (بقیہ نمبر 3 5)

سی سی ڈی کا چکوال میں مبینہ پولیس مقابلہ، 2 خطرناک ڈاکو ہلاک

چند روز قبل دوران واردات ڈاکوؤں نے 9 سالہ بچی کو قتل اور 3 افراد کو زخمی کیا تھا

گوجرانوالہ (یواین پی) گوجرانوالہ سی سی ڈی نے چکوال میں کارروائی کی جہاں مبینہ پولیس مقابلے میں 2 خطرناک ڈاکو ہلاک ہو گئے۔ ترجمان سی سی ڈی کے مطابق ہلاک ملزمان فیاض عرف فیجی اور عباس قتل، اقدام قتل، ڈکیتی اور راہزنی کے مقدمات میں مطلوب تھے، چند روز قبل دوران واردات ڈاکوؤں نے 9 سالہ بچی کو قتل اور 3 افراد کو زخمی کیا تھا۔ ملزمان نے دوران مقابلہ سی سی ڈی اہلکار کو زخمی بھی کیا تھا، سی سی ڈی ٹیمیں ایک ہفتے سے ملزمان کا مختلف اضلاع میں تعاقب کر رہی تھیں، اور بالآخر خفیہ اطلاع پر (بقیہ نمبر 3 8)

محسن نقوی کی سی ایم ایچ پشاور آمد، پاک فوج اور ایف سی اہلکاروں کی عیادت کی

آپ نے جوانمردی سے فتنہ الخوارج کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا

پشاور (یواین پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سی ایم ایچ پشاور کا دورہ کیا جہاں پاک فوج اور فیڈرل کانسٹیبلری کے اہلکاروں کی عیادت کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی فرداً فرداً زخمی اہلکاروں کے پاس گئے اور ان کی خیریت دریافت کی۔ انہوں نے پاک فوج اور ایف سی اہلکاروں کے جذبے اور فرض شناسی کو سراہا، اور زخمی اہلکاروں کے بلند حوصلے کی تعریف کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے اہلکاروں کے علاج معالجے کے (بقیہ نمبر 3 9)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

فوری ضرورت

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

عوامی ہوسٹ

اپنے کاروبار کے لیے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

صرف -5000/- روپے میں

(یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے)

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ!

ہوسٹنگ پیکیج کے فیچرز

- Free .com Domain
- Free SSL Certificate
- 1-Click WordPress Installer
- Unlimited Space & Bandwidth
- Unlimited Email Accounts
- Unlimited MySQL databases
- Unlimited Subdomains
- Latest Version of PHP, MYSQL, and cPanel
- 24/7/365 Support
- 100% Up time Guarantee
- Free/Instant Setup

News Website • Business Website • School Website • TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا۔

E-Commerce Website - Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035